تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا حماد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد: 02 | منگل 02 جون 2026، 15 ذوالحجہ 1447ھ صفحات 06 قیمت 30 روپے | شمارہ: 262

پنجاب کا 6 ہزار ارب روپے کا بجٹ تیار، نیا ٹیکس نہ لگانے کی تجویز

بجٹ کا بنیادی فوکس تعلیم، صحت، سڑکوں کی تعمیر، صفائی ستھرائی، زراعت، امن وامان اور عوام کو سستی خوراک کی فراہمی پر ہوگا، پنجاب کے آئندہ بجٹ کا مجموعی حجم 6 ہزار ارب روپے رہنے کا تخمینہ ہے

لاہور (بیورو چیف) پنجاب حکومت کا مالی سال 2026-27 کا بجٹ تیاری کے آخری مراحل میں داخل ہوگیا۔ ذرائع وزارتِ خزانہ کے مطابق آئندہ بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس عائد نہ کرنے کی تجویز زیرِ غور ہے، تاہم ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے اور بعض سروسز پر ٹیکس کی شرح میں ردوبدل کیا جاسکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق بجٹ کا بنیادی فوکس تعلیم، صحت، سڑکوں کی تعمیر، صفائی ستھرائی، زراعت، امن و امان اور عوام کو سستی خوراک کی فراہمی پر ہوگا۔ حکومتی ذرائع کے مطابق پنجاب کے آئندہ بجٹ کا مجموعی حجم 6 ہزار ارب روپے رہنے کا تخمینہ ہے، جبکہ ترقیاتی منصوبوں کیلئے 1500 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے، بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں وفاقی حکومت کے برابر اضافے کی تجویز بھی شامل کی گئی ہے۔

علی امین دوبارہ اقتدار میں آنے کے خواب دیکھ رہے ہیں، فیصل کنڈی

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ سابق وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 6)

خیبر پختونخوا حکومت عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی، جدید انفراسٹرکچر کی تعمیر کیلئے کوششیں جاری رکھے گی، شفیع جان

کوہاٹ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے وزیر اطلاعات و تعلقاتِ عامہ شفیع جان نے اس عزم کا (بقیہ نمبر 5)

ایم کیو ایم اپنی سیاست زندہ کرنے کی ناکام کوشش کر رہی ہے، شرجیل میمن

کراچی (این این آئی) سینئر وزیر سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم بے بنیاد (بقیہ نمبر 4)

امن وامان برقرار رکھنے میں سندھ پولیس کی بہادری، عزم اور لگن غیر متزلزل ہے، وزیر اعلیٰ سندھ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ پولیس کے شہدا ہمارا فخر ہیں۔ (بقیہ نمبر 3)

گورنر سندھ پیپلز پارٹی کے غیر قانونی کاموں میں رکاوٹ تھے، اس لئے ہٹایا گیا، فاروق ستار

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما فاروق ستار نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے (بقیہ نمبر 2)

چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان اسلام آباد میں یونیسکو کے ڈائریکٹر فواد پاشا ئیف سے ملاقات میں۔

وفاقی وزیر علی پرویز ملک سے امریکی قونصل جنرل کی ملاقات

پاک امریکہ تعلقات اور توانائی کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر بات چیت کی گئی

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے امریکی قونصل جنرل سٹیشن سینڈرز نے ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کی جس میں پاک امریکہ تعلقات اور توانائی کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں رکن قومی اسمبلی شائستہ پرویز ملک (بقیہ نمبر 7)

پی آئی اے نے بعد از حج آپریشن کا آغاز کر دیا، پہلی پرواز کا اسلام آباد پہنچنے پر پرتپاک استقبال

اسلام آباد (این این آئی) پی آئی اے نے اپنے بعد از حج آپریشن کا آغاز کر دیا ہے۔ (بقیہ نمبر 8)

تمباکو کے خطرات سے نسلوں کا تحفظ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے، صدر زرداری

نوجوانوں کو نشے کی لت لگانے والوں اور موت کے سوداگروں کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کرنے کیلئے قانون سازی اور موثر نفاذ ضروری ہے، صدر مملکت کا پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ تمباکو کی مصنوعات صحت اور معیشت کے لیے سنگین خطرات کا باعث ہیں، موجودہ اور آنے والی نسلوں کو تمباکو کی مصنوعات کے نقصانات سے بچانا اجتماعی ذمہ داری ہے، نوجوانوں کو نشے کی لت لگانے والوں اور موت کے سوداگروں کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کرنے کیلئے قانون سازی اور موثر نفاذ ضروری ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ (بقیہ نمبر 9)

چیئرمین سینیٹ کا پاکستان۔امریکہ تعلقات کے فروغ اور دوطرفہ تعاون میں وسعت پر زور

دونوں ممالک کے تعلقات باہمی احترام، مشترکہ مقاصد اور مستقبل پر مبنی تعاون پر استوار ہیں، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پاکستان اور امریکہ کے درمیان دیرینہ تعلقات کو پاکستان کی خارجہ پالیسی کا اہم ستون قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے تعلقات باہمی احترام، مشترکہ مقاصد اور مستقبل پر مبنی تعاون پر استوار ہیں۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے لاہور میں امریکی کونسل (بقیہ نمبر 10)

امریکی قونصل جنرل سٹیشن سینڈرز نے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے لاہور میں ملاقات کی۔

200 یونٹ استعمال کرنیوالے صارفین کی سبسڈی جاری رہیگی، اویس لغاری

سبسڈی کے تحت ایک خاص رقم بلوں میں جمع ہو رہی ہے، 200 یونٹ استعمال کرنے والے صارفین کی تعداد 2 کروڑ سے زائد ہو چکی ہے، سبسڈی حاصل کرنے والے صارفین بلوں پر ایک کیو آر کوڈ آتا ہے اُسے سکین کریں، کوشش ہے تمام صارفین کو کیو آر کوڈ کے ساتھ منسلک کریں

حق دار صارفین کو سبسڈی دینا جاری رکھیں گے، یہاں بجلی پر ہر کوئی سیاسی بیان دے جاتا ہے اور تالی بجوانے کے لیے ایسے بیانات دیے جاتے ہیں، پچھلے دو سالوں سے بجلی کی قیمت میں کمی آئی ہے

اسلام آباد: (دنیا نیوز) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ 200 یونٹ استعمال کرنے والے صارفین کی سبسڈی جاری رہے گی۔ وفاقی دارالحکومت میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اویس لغاری کا کہنا تھا کہ 200 سے کم یونٹ صارفین کو سبسڈی دی جا رہی ہے، سبسڈی کے تحت ایک خاص رقم بلوں میں جمع ہو رہی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ 200 یونٹ استعمال کرنے والے صارفین کی تعداد 2 کروڑ سے زائد ہو چکی ہے، سبسڈی حاصل کرنے والے صارفین بلوں پر ایک کیو آر کوڈ آتا ہے اُسے سکین کریں، کوشش ہے تمام صارفین کو کیو آر کوڈ کے ساتھ منسلک کریں۔ وفاقی وزیر توانائی کا کہنا تھا کہ حق دار صارفین کو سبسڈی دینا جاری رکھیں گے، یہاں بجلی پر ہر کوئی سیاسی بیان دے جاتا ہے اور تالی بجوانے کے لیے ایسے بیانات دیے جاتے ہیں۔ اویس لغاری نے کہا کہ پچھلے دو سالوں سے بجلی کی قیمت میں کمی آئی ہے، حکومت نے 780 ارب کا گردشی قرضہ (بقیہ نمبر 38)

لاہور: چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق ایس سی سی ایل او کے 53 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ستھرا پنجاب پروگرام پاکستان بھر میں سوشل میڈیا پر ٹاپ ٹرینڈ بنا رہا، مریم اورنگزیب

اللہ کا شکر ہے مریم نواز کی سرجری کامیاب ہوئی، آپریشن شریف میڈیکل سٹی میں ہوا، وہ علاج کے لیے کہیں نہیں جا رہیں

لاہور (بیورو رپورٹ) سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ ستھرا پنجاب پروگرام پاکستان بھر میں سوشل میڈیا پر ٹاپ ٹرینڈ بنا رہا۔ صوبائی دارالحکومت میں عیدالاضحیٰ پر صفائی کے حوالے سے وزیر بلدیات ذیشان رفیق کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ 41 ہزار سے زائد لوگوں نے ہیلپ لائن پر رابطہ کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ گرمی کے باوجود ستھرا پنجاب کی ٹیم گراؤنڈ پر موجود تھی، (بقیہ نمبر 14)

پیٹرول سستا ہونے کے بعد پبلک کرایوں میں 4 فیصد کمی کر دی گئی

کرائے کم نہ کرنے والی بسیں اور اڈے سیل ہوں گے، سیکرٹری آر ٹی اے رانا محسن

لاہور (این این آئی) محکمہ ٹرانسپورٹ نے پیٹرولیم قیمتوں میں 22 روپے لیٹر کمی کے بعد پبلک کرایوں میں 4 فیصد کمی کروا دی۔ ٹرانسپورٹ ہاؤس میں سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی لاہور رانا محسن کی زیر صدارت اجلاس ہوا، اجلاس میں تمام نجی ٹرانسپورٹ کمپنیوں اور ٹرانسپورٹرز یونین کے نمائندگان شریک ہوئے۔ اجلاس میں ٹرانسپورٹرز نے کرایوں 4 فیصلے کمی پر اتفاق کر لیا گیا۔ سیکرٹری آر ٹی اے رانا محسن نے کہا کہ کرایوں میں فی الفور 4 فیصد تک کمی کی جائے گی، تمام (بقیہ نمبر 15)

قومی بچت سکیموں کے منافع کی شرح میں اضافہ، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) مختلف قومی بچت سکیموں کے منافع کی شرح میں بڑا اضافہ کر دیا گیا۔ محکمہ قومی بچت کی جانب سے بچت سکیموں کے شرح میں اضافے سے متعلق باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اسپیشل سیونگز سرٹیفکیٹس اور اکاؤنٹس میں پہلے 5 منافعوں (بقیہ نمبر 16)

لاہور: چیئرمین ٹاسک فورس رانا مشان خان اور سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی محکمہ داخلہ میں وزیر اعلیٰ پنجاب ٹاسک فورس برائے جیل خانہ جات کے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بلوچستان کی ترقی کا اہم سنگِ میل، گوادر ایئرپورٹ پر پہلی آزمائشی پرواز کا کامیاب تجربہ

گوادر ایئرپورٹ حکام اور متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے پرواز کا بھرپور خیر مقدم کیا

گوادر (این این آئی) نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ساؤتھ ایئر کی پہلی آزمائشی پرواز کامیابی کیساتھ لینڈ کر گئی۔ اس موقع پر گوادر ایئرپورٹ حکام اور متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے پرواز کا بھرپور خیر مقدم کیا۔ یہ کامیاب لینڈنگ گوادر کی فضائی رابطہ کاری اور تجارتی (بقیہ نمبر 12)

پاکستان میں محرم کے چاند کی رویت سے متعلق پیشگوئی کر دی گئی

لاہور (این این آئی) رویت ہلال ریسرچ کونسل نے پاکستان میں محرم الحرام کے چاند سے متعلق پیش گوئی کر دی۔ (بقیہ نمبر 11)

مریم نواز نے صفائی آپریشن کی لمحہ بہ لمحہ مانیٹرنگ کی، عظمیٰ بخاری

3 لاکھ 60 ہزار ٹن آلائشیں ٹھکانے لگائیں، 1 لاکھ 84 ہزار ورکرز اور 60 ہزار گاڑیاں آپریشن میں شامل تھیں

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز نے ستھرا پنجاب کے ورکرز کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے 10، 10 ہزار روپے انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پنجاب حکومت نے عید صفائی آپریشن کامیابی سے مکمل کیا ہے، ستھرا پنجاب کے ورکرز نے عید کے تین روز 3 لاکھ 60 ہزار ٹن الائشیں ٹھکانے لگائی، عید صفائی آپریشن میں 1 لاکھ 84 ہزار (بقیہ نمبر 29)

لاہور: سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب عیدالاضحیٰ 2026 صفائی آپریشن سے متعلق پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

آئی جی پنجاب عبدالکریم کی عیدالاضحیٰ کے ایام میں بہترین سکیورٹی انتظامات پر پولیس فورس کو شاباش

پنجاب پولیس کی موثر مانیٹرنگ، پٹرولنگ اور مربوط حکمتِ عملی کے باعث عیدالاضحیٰ پر امن ماحول میں گزری

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے عیدالاضحیٰ کے ایام میں صوبہ بھر میں بہترین سکیورٹی انتظامات، موثر پٹرولنگ، مانیٹرنگ اور مربوط حکمت عملی پر پنجاب پولیس کے افسران و اہلکاروں کو شاباش دیتے ہوئے کہا ہے کہ سی سی پی او لاہور، آر پی اوز، ڈی پی اوز، ٹریفک افسران اور دیگر سینئر افسران عید کے دوران فیلڈ میں موجود رہے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا گیا۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ سیف سٹیز اتھارٹی نے مانیٹرنگ اور سرویلنس کے (بقیہ نمبر 17)

پنجاب کے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس نہ لگانے کی تجویز

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کی آئندہ مالی سال 2026-27 کے بجٹ کی تیاری حتمی مراحل میں داخل ہوگئی ہے، آئندہ صوبائی بجٹ میں کوئی نیا ٹیکس عائد نہ کرنے کی تجویز زیر غور ہے۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق اگرچہ نئے ٹیکسز لگانے کی تجویز نہیں تاہم ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنے اور بعض خدمات پر ٹیکس (بقیہ نمبر 30)

نمبر پلیٹس سے چھیڑ چھاڑ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع

ای چالان سے بچنے کے لیے نمبر پلیٹ کی شناخت تبدیل کرنا سنگین خلاف ورزی ہے، سی ٹی او

لاہور (این این آئی) ٹریفک پولیس نے نمبر پلیٹس سے چھیڑ چھاڑ کرنے اور غیر قانونی نمبر پلیٹس استعمال کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کر دیا ہے۔ اس حوالے سے متعلقہ افسران کو سخت کارروائی کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔ سی ٹی او لاہور سید عبدالرحیم شیرازی کے مطابق ای چالان سے بچنے کے لیے نمبر پلیٹ کی شناخت تبدیل کرنا سنگین خلاف ورزی ہے جس پر بھاری جرمانے عائد کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ غیر نمونہ اور غیر قانونی گرین نمبر پلیٹس (بقیہ نمبر 18)

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں۔

جدید ترین طبی سہولیات، مقدس مقامات پر زائرین کیلئے باوقار و بلا تعطل سہولتوں کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے، سیکرٹری اوقاف

لاہور (این این آئی) جدید ترین طبی سہولیات اور مقدس مقامات پر زائرین کے لیے باوقار و بلا تعطل سہولتوں کی فراہمی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے داتا دربار ہسپتال اور بعد ازاں صوفی بزرگ حضرت علی ہجویری المعروف حضرت داتا گنج بخش کے مزار کے تفصیلی وکثیر الجہتی آپریشنل (بقیہ نمبر 31)

خواجہ آصف کے لیسکو اہلکاروں پر الزامات، ایکسین، ایس او سمیت 5 معطل

غفلت برتنے پر لائن مین شوکت علی، فلک شیر اور لائن سپرنٹنڈنٹ محمد حسین کو معطل اور ٹرانسفارمر مرمت کرنے والے شبیر کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے لیسکو اہلکاروں پر واردات کا الزام لگایا ہے کہ ٹرانسفارمر کی مرمت کے لیے 80 ہزار روپے رسید دیئے بغیر وصول کر لیے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے ایکس پر لکھا ہے کہ میرے گھریلو ملازم کے گاؤں میں ٹرانسفارمر کل جل گیا، لیسکو کے ایک پرانے مہربان کو فون کیا کہ کسی کو فون کریں اور مہربانی فرمائیں۔ انہوں نے مزید لکھا کہ ملازمین نے ٹرانسفارمر مرمت کر دیا، 80 ہزار (بقیہ نمبر 19)

کیپٹن (ر) شاہ میر اقبال کو پنجاب فلم سٹی اتھارٹی کا اضافی چارج سونپ دیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کی جانب سے کیپٹن (ر) شاہ میر اقبال کو پنجاب فلم سٹی اتھارٹی کا اضافی چارج سونپ دیا گیا۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق سی ای او آئی ڈیپ کیپٹن (ر) شاہ میر اقبال کو سی ای او پنجاب فلم سٹی اتھارٹی کی اضافی ذمہ داریاں تفویض کی گئیں۔ مستقل (بقیہ نمبر 21)

کراچی میں قیامت خیز گرمی: محسوس کیا جانے والا درجہ حرارت 48 ڈگری تک جا پہنچا

شہری دوپہر کے وقت بلا ضرورت گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کریں اور پانی کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں، طبی ماہرین

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں محسوس کیا جانے والا درجہ حرارت 48 ڈگری تک جا پہنچا جبکہ اگرچہ اصل درجہ حرارت 36 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ کراچی شدید گرمی اور حبس کی لپیٹ میں ہے جس نے شہریوں کو بے حال کر دیا ہے، محکمہ موسمیات کی جانب سے کہا گیا ہے کلفٹن شہر کا موجودہ درجہ حرارت 36 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے، لیکن ہوا میں نمی کا تناسب (بقیہ نمبر 20)

ژوب: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں۔

مسلسل برفباری، بابوسر ٹاپ کیلئے ایڈوائزری جاری، سیاحوں کو احتیاط کی ہدایت

پشاور (این این آئی) ناران کی ضلعی انتظامیہ نے بابوسر ٹاپ کے حوالے سے ٹریول ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے سیاحوں، مسافروں اور ٹرانسپورٹروں کو محتاط رہنے کی ہدایت کی ہے۔ انتظامیہ کے مطابق بابوسر ٹاپ پر مسلسل برفباری کے باعث مسافروں کو مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے، اس لئے وہاں جانے سے قبل موسم کی صورتحال کو مدنظر رکھ کر سفر کیا (بقیہ نمبر 25)

مورگاہ پولیس کی کارروائی، ڈکیتی اور موٹر سائیکل چوری میں ملوث گینگ گرفتار

دو ملزمان سے مسروقہ موٹر سائیکلیں، موبائل فون، نقدی اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ مورگاہ پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری اور دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث دو رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے 2 مسروقہ موٹر سائیکل، 42 ہزار 200 روپے نقدی، چھینے گئے 4 موبائل فون اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق مورگاہ پولیس نے خفیہ اطلاعات اور تفتیشی اقدامات کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے گینگ کے دونوں ارکان کو گرفتار کیا۔ دوران تفتیش ملزمان سے وارداتوں میں استعمال (بقیہ نمبر 32)

پاکستان امریکا کا مخلص دوست ہے، امریکہ

سنگاپور (این این آئی) امریکی وزیر جنگ پیٹ ہیگستھ نے پاکستان کو امریکا کا مخلص دوست قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر ایران امریکا امن مذاکرات میں شاندار کردار ادا کر رہے ہیں۔ سنگاپور میں ایک انٹرویو کے دوران (بقیہ نمبر 27)

کروڑوں روپے کرپشن ریفرنس میں سابق آئی جی سندھ سمیت 10 ملزمان طلب

ملزمان کی جانب سے ترقیاتی منصوبوں میں خورد برد اور سرکاری فنڈز میں بے ضابطگیاں بھی کی گئیں، پراسیکیوشن

کراچی (این این آئی) صوبائی اینٹی کرپشن عدالت کے روبرو کروڑوں روپے کرپشن ریفرنس کی سماعت ہوئی، جس میں عدالت نے سابق آئی جی سندھ سمیت 10 ملزمان کو طلب کر لیا۔ عدالت نے کیس کے حوالے سے سابق آئی جی سندھ غلام حیدر جمالی سمیت 10 ملزمان کو نوٹسز جاری کر دیے اور ملزمان کو 9 جولائی کو ذاتی حیثیت میں طلب کیا ہے جب کہ عدالت نے غیر حاضری کی صورت میں قانونی کارروائی کا انتباہ بھی جاری کیا ہے۔ مقدمے کے ملزمان میں ڈی آئی جی (بقیہ نمبر 26)

تبدیلی کے نعرے لگانے والوں نے عوام کو صرف خواب دکھائے، احسن اقبال

نارووال میڈیکل کالج نے پنجاب بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے ضلع کا نام روشن کیا ہے، جو تعلیمی میدان میں ایک بڑی کامیابی ہے۔

نارووال (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ ترقی کا واحد راستہ تعلیم ہے اور نارووال تعلیمی میدان میں ایک مینار بن کر ابھر رہا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ تبدیلی کے نعرے لگانے والوں نے عوام کو صرف خواب دکھائے اور ملکی اداروں کے خلاف پروپیگنڈا کیا۔ انہوں نے کہا کہ تبدیلی کے نام پر عوام کو دھوکہ دیا گیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے (بقیہ نمبر 33)

پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کی قیادت کی تحصیل صدر پیپلز یوتھ پاکستان کے بہیمانہ قتل کی مذمت

اسلام شاہ کھگہ کے قاتلوں کی گرفتاری، مقدمہ کی تفتیش و تحقیق سی ٹی ڈی کے سپرد کی جائے، راجہ پرویز اشرف

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعظم اور پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف، جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ، سینئر نائب صدر رانا فاروق سعید اور سیکرٹری اطلاعات شہزاد سعید چیمہ نے تحصیل صدر پیپلز یوتھ پاکپتن اسلام شاہ کھگہ کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے واقعہ میں ملوث افراد کو فوری طور پر گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ اپنے مشترکہ مذمتی بیان میں پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے رہنماؤں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 22)

بنیادی غذائی اشیائے ضروریہ پر بھاری ٹیکس اور ڈیوٹیز کی وصولی جاری، دستاویز

سفید کرسٹلائن چینی پر 20 فیصد کسٹمز ڈیوٹی اور 4 فیصد اضافی ڈیوٹی وصولی نافذ کر دی گئی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) بنیادی غذائی اور اشیائے ضروریہ پر بھاری ٹیکس اور ڈیوٹیز کی وصولی جاری ہے اس سلسلے میں موصول دستاویز کے مطابق سفید کرسٹلائن چینی پر 20 فیصد کسٹمز ڈیوٹی اور 4 فیصد اضافی ڈیوٹی وصولی نافذ کر دی گئی ہے۔ دستاویز کے مطابق ویجیٹیبل گھی، کوکنگ آئل، چائے کی پتی اور چینی پر 18 فیصد سیلز ٹیکس نافذ ہے جبکہ خشک دودھ، تیار شدہ خوراک، (بقیہ نمبر 24)

گلگت بلتستان انتخابات کی سکیورٹی کیلئے پنجاب پولیس سے نفری طلب

لاہور (این این آئی) گلگت بلتستان انتخابات کی سکیورٹی کیلئے پنجاب پولیس سے نفری طلب کر لی گئی۔ پنجاب پولیس کے 5000 اہلکار گلگت بلتستان بھجوائے جائیں گے۔ رائٹ مینجمنٹ فورس کے 1500 اہلکار گلگت بلتستان (بقیہ نمبر 23)

کراچی: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن جماعت اسلامی کے رہنما صدیقی موسو کے جواں سال صاحبزادے کے قتل پر اظہار افسوس کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں فول پروف سکیورٹی انتظامات

آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے احکامات پر اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں بڑے پیمانے پر گرینڈ کومبنگ سرچ آپریشنز جاری

بیورو چیف اسلام اباد محمد شہباز گولڑوی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں فول پروف سکیورٹی انتظامات۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے احکامات پر اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں بڑے پیمانے پر گرینڈ کومبنگ سرچ آپریشنز جاری۔ گزشتہ 48 گھنٹوں میں اسلام آباد کے تھانہ ہمک، سنگجانی، سیکرٹریٹ، بھارہ کہو، گولڑہ، شمس کالونی، تھانہ کھنہ، شالیمار، ترنول، انڈسٹریل ایریا، آبپارہ، کورال، کریا اور تھانہ پھلگراں کے علاقوں میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی سرچ آپریشنز کئے گئے، جس میں لیڈیز پولیس نے بھی حصہ لیا۔ سرچ آپریشن کے دوران 1180 افراد اور 517 گھرانوں، 32 ہوٹلز، 138 دکانوں کو چیک کیا گیا۔ 550 موٹر سائیکلز اور 153 گاڑیوں کی جانچ پڑتال کی گئی۔ 67 مشکوک افراد اور 52 موٹر سائیکلز کو مزید جانچ پڑتال کے لیے متعلقہ تھانوں میں منتقل کیا گیا۔ غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ملزمان کو گرفتار کر کے 01 عدد کلاشنکوف اور 01 عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد کیا۔ شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر موثر چیکنگ کے لیے خصوصی چیکنگ پوائنٹس قائم کئے گئے ہیں۔ تمام پٹرولنگ یونٹس اور خصوصی سکواڈ شہر بھر میں گشت کر رہے ہیں۔ شہری چیکنگ کے دوران پولیس سے تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع دیں۔ اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات یقینی بنایا جائے گا۔

جماعت اسلامی کا پیٹرولیم لیوی ختم اور قیمت 250 روپے فی لیٹر مقرر کرنے کا مطالبہ

عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتیں کم ہو رہی ہیں، اس لیے عوام کو بھی اس کا مکمل ریلیف ملنا چاہیے، حافظ نعیم الرحمان

اسلام آباد (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان نے ملک میں پیٹرولیم لیوی ختم اور پیٹرول کی فی لیٹر قیمت 250 روپے مقرر کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ سماجی رابطوں کے پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنے بیان میں امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ پیٹرول کی قیمت میں 22 روپے نہیں بلکہ فوری طور پر 122 روپے کمی کی ضرورت (بقیہ نمبر 28)

سیالکوٹ، صنعت زار میں ورک آرڈر مکمل کرنے پر ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر چودھری شریف گھمن خواتین میں اجرت دے رہے ہیں

چیچہ وطنی، ڈی پی او ساہیوال کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے

کھلی کچہریوں کا مقصد شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے، عثمان ٹیپو

چیچہ وطنی (نمائندہ حریف) ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی صدارت میں کمیونٹی سیل میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد، عوامی مسائل کے فوری اور موثر حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی زیر صدارت ڈی پی او آفس کمیونٹی سیل میں کھلی کچہری منعقد کی گئی جس میں شہریوں نے اپنے مختلف نوعیت کے مسائل براہ راست ڈی پی او ساہیوال کے سامنے پیش کیے۔ ڈی پی او ساہیوال نے تمام سائلین کی شکایات خود توجہ سے سنیں اور موقع پر ہی متعلقہ افسران کو ان مسائل کے فوری حل کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں، اس موقع پر ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کا کہنا تھا کہ عوامی مسائل کا بروقت، شفاف اور منصفانہ ازالہ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد شہریوں اور پولیس کے درمیان اعتماد کو فروغ دینا ہے۔

سیالکوٹ، 2 غیر قانونی منی پٹرول پمپس سربمہر

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) محکمہ شہری دفاع سیالکوٹ نے ضلعی انتظامیہ کی ہدایت پر کارروائی کرتے ہوئے ڈالووالی کے علاقے میں دو غیر قانونی منی پٹرول پمپس کو سربمہر کر دیا ہے۔ شہری دفاع کے محکمہ نے نصب شدہ دو ڈسپنسر مشینیں موقع سے قبضے میں لے لیں اور متعلقہ دکانوں کو فوری طور پر سربمہر کر دیا گیا۔ محکمہ شہری دفاع شہریوں سے گزارش ہے کہ ایسی کسی بھی سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر سول ڈیفنس یا مقامی انتظامیہ کو دیں تاکہ بروقت کارروائی ممکن ہو سکے۔

چشتیاں، دن دیہاڑے ڈاکو شہری سے 28 لاکھ روپے کی نقدی لوٹ کر فرار

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) تھانہ سٹی اے ڈویژن چشتیاں کی حدود میں دن دہاڑے ڈکیتی کی سنگین واردات، نامعلوم مسلح ملزمان شہری سے 28 لاکھ روپے نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر میں گشت کا نظام نہ ہونے کے برابر ہے جبکہ جرائم پیشہ عناصر دن دہاڑے وارداتیں کر کے بآسانی فرار ہو جاتے ہیں۔ واقعہ کے بعد شہریوں میں شدید خوف و ہراس پایا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں نے پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان اٹھاتے ہوئے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے اور شہر میں موثر گشت کے نظام کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ممکن بنایا جا سکے۔

بچیکی، فوڈ اتھارٹی کی کارروائی، 1100 لٹر مضر صحت دودھ تلف

فوڈ سیفٹی آفیسر خرم شہزاد کی مدعیت میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے

بچیکی (سٹی رپورٹر) بڈھ گھر میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی بڑی کارروائی، 1100 لیٹر ملاوٹ شدہ دودھ پکڑ لیا گیا تفصیلات کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی نکانہ کے فوڈ سیفٹی آفیسر خرم شہزاد نے ٹیم کے ہمراہ بڈھ گھر کے علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے مضر صحت اور غیر معیاری تقریباً 1100 لیٹر دودھ سے بھری گاڑی کو پکڑ لیا کارروائی کے دوران دودھ کے نمونوں کی جانچ پڑتال میں ملاوٹ ثابت ہونے پر فوری طور پر دودھ کی سپلائی ناکام بنا دی گئی پنجاب فوڈ اتھارٹی حکام کے مطابق ملاوٹ شدہ دودھ مختلف علاقوں میں سپلائی کیا جانا تھا، تاہم بروقت کارروائی کے باعث شہریوں کو مضر صحت دودھ کی فراہمی روک دی گئی۔ اس موقع پر گاڑی کے ڈرائیور عرفان کو پولیس تھانہ بڈھ گھر نے موقع سے گرفتار کر لیا فوڈ سیفٹی آفیسر خرم شہزاد کی مدعیت میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی حکام کا کہنا ہے کہ عوام کو خالص اور معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ملاوٹ مافیا کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

معرکہ حق میں افواجِ پاکستان کی جرأت دنیا کیلئے مثال ہے، حمزہ جنجوعہ

پاکستانی بہادر افواج دنیا کی بہترین افواج میں شمار جو ملکی سرحدوں کی حفاظت کرتی ہیں

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ایڈیلیا پاکستان بیشنلٹ کلب کے حمزہ جنجوعہ نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں افواجِ پاکستان کی جرأت دنیا کیلئے مثال ہے افواجِ پاکستان نے ہر مشکل وقت میں قوم کا سر فخر سے بلند کیا عوام اور افواجِ پاکستان کا رشتہ ناقابلِ شکست ہے ملکی دفاع کے لیے پاک فوج کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی افواجِ پاکستان نے ہمیشہ جرات، بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا عملی مظاہرہ کر کے دنیا بھر میں اپنا ایک منفرد مقام بنایا ہے پاک فوج وطنِ عزیز کی سلامتی خود مختاری اور عوام کے تحفظ کے لیے ہر لمحہ تیار رہتی ہے اور جب بھی وطن پر مشکل وقت آیا افواجِ پاکستان نے اپنی جانوں کی قربانیاں دے کر قوم کا سر فخر سے بلند کیا حمزہ جنجوعہ نے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج دنیا کی بہترین افواج میں شمار ہوتی ہیں جو نہ صرف ملکی سرحدوں کی حفاظت کرتی ہیں بلکہ ہر معرکہ حق میں اپنی صلاحیتوں اتحاد اور قربانیوں سے دشمن کو واضح پیغام دیتی ہیں انہوں نے کہا کہ پوری قوم اپنی افواج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اور افواجِ پاکستان ہی وہ مضبوط قوت ہیں جو عوام کے اعتماد اور ملک کے استحکام کی ضامن ہیں پاک فوج نے ہمیشہ قوم کے دل جیتے ہیں اور ملک و ملت کے دفاع کے لیے ان کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں قوم اپنے محافظوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔

چیچہ وطنی، خاتون منشیات فروش گرفتار، 2 کلو چرس برآمد

چیچہ وطنی (نمائندہ حریف) تھانہ اوکانوالہ بنگلہ پولیس کی کارروائی، خاتون منشیات فروش گرفتار، 2 کلو سے زائد چرس برآمد۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کے احکامات کی روشنی میں ساہیوال پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں اس سلسلہ میں پولیس تھانہ اوکانوالہ بنگلہ نے خاتون منشیات فروش ذبیدہ بی بی کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے ملزمہ کے قبضہ سے 2100 گرام چرس برآمد کر لی۔ ملزمہ کے خلاف امتناع منشیات ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا۔

ڈپٹی کمشنر نکانہ تسلیم اختر راؤ کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں: ڈپٹی کمشنر نکانہ

تمام محکمے شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں، تسلیم اختر راؤ کی ہدایت

نکانہ صاحب (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے گڈ گورننس ایجنڈے اور اوپن ڈور پالیسی کے تحت روزانہ مقررہ عوامی دفتری اوقات میں سائلین کے مسائل کی سماعت اور بروقت ازالہ جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راوٗ نے مقررہ دفتری اوقات میں شہریوں کی شکایات اور مسائل سن کر متعلقہ محکموں کو عملدرآمد کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو واضح ہدایت کی کہ شہریوں کے مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور ہر درخواست پر شفاف، بروقت اور میرٹ پر کارروائی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق عوامی ریلیف ہماری اولین ترجیح ہے۔ اوپن ڈور پالیسی کا مقصد شہریوں کو براہ راست ضلعی انتظامیہ تک رسائی فراہم کرنا اور ان کی شکایات کا فوری ازالہ کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے افسران کو ہدایت کی کہ تمام محکمے شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں، مسائل کے حل کی رفتار تیز کریں اور پیش رفت کی باقاعدہ رپورٹ پیش کریں۔

اوکاڑہ، ڈکیت گینگ کے ارکان پولیس حراست میں کھڑے ہیں

بانی پی ٹی آئی ملک کی تباہی کے ایجنڈے پر کاربند ہیں: میاں عبدالرشید

اسٹیبلشمنٹی ٹولے کی بیان بازی و الزام تراشی ملک کو معاشی تنزلی کا شکار اور عالمی سطح پر تنہا کرنے کی سازش ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی رہنما حاجی میاں عبدالرشید نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی ملک کی تباہی کے ایجنڈے پر کاربند ہے اسٹیبلشمنٹی ٹولے کی بیان بازی و الزام تراشی ملک کو معاشی تنزلی کا شکار اور عالمی سطح پر تنہا کرنے کی سازش ہے ملکی سالمیت کے اداروں کے وقار پر بار بار حملے بیرونی آقاؤں کی خواہش پر کیے گئے جس سے پی ٹی آئی کا ایجنڈہ پوری قوم پر واضح ہو چکا ہے ان کی عوام کو ورغلانے کی کوئی کوشش کامیاب نہیں ہوگی، قوم ملکی استحکام اور معیشت کی بحالی چاہتی ہے جس کیلئے موجودہ حکومت بھرپور جدوجہد کر رہی ہے، پی ٹی آئی نے ہمیشہ ملکی ترقی کی راہ میں روڑے اٹکائے، (ن) لیگ سیاسی انتقام پر یقین نہیں رکھتی مگر سیاسی لبادہ اوڑھ کر ملکی مفادات کو نقصان پہنچانے والوں کا کڑا محاسبہ ناگزیر ہے جس کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں جاری ہیں اور عدلیہ بھی کسی حکومتی دباؤ کے بغیر اسٹیبلشمنٹی ٹولے کے کیسز کو میرٹ پر نمٹا رہی ہے جس سے ملک میں جمہوری استحکام کی راہ ہموار ہوئی ہے، آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی کیلئے ضروری ہے کہ پی ٹی آئی کے شرپسندوں کے خلاف درج باقی ماندہ مقدمات کے فیصلے بھی جلد سنا کر انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں، حکومت مخالف پراپیگنڈہ کرنے والوں کو ملکی ترقی و عوامی خوشحالی ہضم نہیں ہو رہی ہے وفاق اور پنجاب میں حکومت کسانوں سمیت تمام شعبوں سے وابستہ افراد کو ریلیف کی فراہمی کیلئے بھرپور اقدامات اٹھا رہی ہے شفافیت کا فروغ (ن) لیگ کی ہمیشہ سے اولین ترجیح ہے میرٹ کی بالادستی کیلئے پارٹی نے اپنے ہر دور اقتدار میں موثر کردار ادا کیا۔

حافظ آباد، پیرا فورس کے ایس ڈی او کا غریب محنت کش پر تشدد، انکوائری شروع

پیرا فورس سے تمام کرپٹ ملازمین کو فارغ کر کے امیج کو بچایا جائے، شہریوں کا مطالبہ

حافظ آباد (بیورو چیف، ڈسٹرکٹ رپورٹر) حافظ آباد میں پیرا فورس کے ایس ڈی او ملک محمد آصف کی جانب سے غریب محنت کش کو سرعام تشدد بنانے کے بعد ڈائریکٹر پنجاب پیرا فورس نے سخت ایکشن لیتے ہوئے ایس ڈی او کو فوری طور پر معطل کر کے انکوائری شروع کر دی۔ ایس ڈی او پیرا فورس ملک محمد آصف جس کے خلاف عرصہ دراز سے ضلع بھر میں مختلف شکایات پائی جا رہی تھیں۔ انہوں نے گذشتہ روز شہر کی ایک شاہراہ پر کھڑے محنت کش کو سرعام تھپڑ رسید کیے اور بعد ازاں اپنے ملازمین سے بھی تشدد کروایا جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوتے ہی عوام میں ایس ڈی او کی چہرہ دستیوں اور مظالم کے خلاف غم و غصہ کی لہر سرایت کر گئی جس پر ڈائریکٹر پیرا فورس پنجاب فرخ عتیق نے ایس ڈی او کو فوری طور پر معطل کر کے انکوائری شروع کر دی۔ جس پر ضلع بھر کے عوامی سماجی کاروباری اور دینی حلقوں کے راہنماؤں نے ڈائریکٹر کے اس اقدام کو سراہا ہے اور مزید مطالبہ کیا ہے کہ پیرا فورس حافظ آباد سے پولیس سے آئے تمام کرپٹ ملازمین کو بھی فارغ کر کے امیج کو بچایا جائے۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کا جمخانہ کا دورہ کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کا جمخانہ کا دورہ، ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صدر جمخانہ کلب کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے جمخانہ کا دورہ کیا۔ سیکرٹری جمخانہ چوہدری ظفر اشرف، نائب صدر چوہدری معظم سلطان ایڈووکیٹ، میڈیا کوارڈ بنظر شیخ طارق سجاد ایڈووکیٹ، ممبران ایگزیکٹو کمیٹی رائے محسن، چوہدری منیر احمد جنالہ اور نواز گجر ایڈووکیٹ نے ان کا استقبال کیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے کلب کے ترقیاتی کاموں کے معیار کا چیک کیا۔ انہوں نے کلب کے لیے نئے بننے والے جم ہال کے سامان اور مشینری کا بھی معائنہ بھی کیا۔ سیکرٹری جمخانہ چوہدری ظفر اشرف، نائب صدر چوہدری معظم سلطان ایڈووکیٹ نے ڈپٹی کمشنر کو بتایا کہ جاگنگ ٹریک، پارکنگ، اکاؤنٹ آفس اور ریسٹورنٹ کے کام کو ترجیحی بنیادوں پر جلد مکمل کر لیا جائے گا۔

تحریک انصاف کے کارکنوں کیخلاف کارروائیاں کی جا رہی ہیں، بیرسٹر طیاب راشد

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رکن پنجاب اسمبلی بیرسٹر طیاب راشد سندھو نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی قیادت اور کارکنوں پر درج جھوٹے مقدمات کا خاتمہ کیے بغیر ملک میں جمہوری کلچر کے فروغ کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا حکومت ایک طرف سیاسی استحکام اور قومی اتحاد کے فروغ کی بات کر رہی ہے تو دوسری طرف تحریک انصاف کی قیادت اور کارکنوں کو آئے روز جبر و تشدد اور انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا جا رہا ہے مگر بانی پی ٹی آئی نے کارکنوں کو پرامن سیاسی جدوجہد کی تلقین کی اور پارٹی مفادات پر کبھی آنچ نہیں آنے دی پی ٹی آئی کے خلاف کریک ڈاؤن اب بھی جاری ہے۔

ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک ساہیوال کا کیٹل منڈی چیچہ وطنی کا دورہ

چیچہ وطنی (نمائندہ حریف) ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک ساہیوال کا کیٹل منڈی چیچہ وطنی کا دورہ، فارمرز کو بہترین سہولیات اور کانگو وائرس سے بچاؤ کی ہدایات، گذشتہ روز ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک ساہیوال ڈاکٹر علی اسلم نے ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر عزیز احمد کے ہمراہ کیٹل منڈی تحصیل چیچہ وطنی کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر فارمرز کو دی جانے والی سہولیات اور ادویات کی دستیابی کا جائزہ لیا گیا۔ کیٹل منڈی میں جانوروں کے علاج معالجہ کے لیے وافر مقدار میں ادویات موجود تھیں۔

اوکاڑہ، دنتاش پر جوا کھیلنے والے جواری حراست میں کھڑے ہیں

پاکستان کو مضبوط جمہوری حکومت کی ضرورت ہے، اسلم شیروانی

قوم کو متحد اور سیاسی رنجشیں ترک کر کے ملکی ترقی کا مشترکہ لائحہ عمل مرتب کیا جائے، بیان

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے ضلعی نائب صدر ڈاکٹر محمد اسلم خان شیروانی نے کہا ہے کہ پاکستان کو مضبوط جمہوری حکومت کی ضرورت ہے تاکہ معاشی استحکام کی راہ ہموار ہو سکے دھاندلی کے سہارے اقتدار پر مسلط حکمران ٹولہ سیاسی و معاشی استحکام نہیں لا سکتا اس لیے پی ٹی آئی کی قیادت کو ملک کی بھاگ دوڑ سونپنا ہوگی، حکومت اپنی انا چھوڑ کر بانی پی ٹی آئی کے خلاف درج جھوٹے مقدمات ختم کرے تاکہ سیاسی استحکام کی راہ ہموار ہو سکے جب تک تمام سیاسی جماعتوں کو جمہوری عمل میں شامل نہیں کیا جاتا تب تک ملکی ترقی و حقیقی عوامی یکجہتی ممکن نہیں ہو سکتی، پی ٹی آئی ملکی دفاع کی خاطر افواجِ پاکستان کی پشت پر کھڑی ہے اور ملکی سالمیت پر کوئی آنچ نہیں آنے دے گی، پی ٹی آئی کی قیادت نے ہمیشہ تمام سیاسی امور بالائے طاق رکھ کر ملکی سلامتی کی خاطر پاک فوج سے بھرپور اظہار یک جہتی کیا وقت آ گیا ہے کہ قوم کو متحد کیا جائے اور سیاسی رنجشیں ترک کر کے ملکی ترقی کا مشترکہ لائحہ عمل مرتب کیا جائے تاکہ تمام سیاسی جماعتیں مل کر اسے عملی جامہ پہنا سکیں، پاکستانی قوم آج بھی بانی پی ٹی آئی کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کی فوری رہائی کا مطالبہ کر رہی ہے سیاسی و عسکری قیادت قومی مفادات کو سامنے رکھتے ہوئے سیاسی محاذ آرائی ختم کرنے کو ترجیح دے۔

محکمہ پراسیکیوشن کا انصاف کی فراہمی کے نظام میں کلیدی کردار ہے، سلمان غنی

پراسیکیوشن افسران اپنی ذمہ داریاں انتہائی دیانتداری، پیشہ ورانہ مہارت اور میرٹ کے مطابق ادا کریں

سرگودھا (بیورو رپورٹ) سیکرٹری پبلک پراسیکیوشن کا سرگودھا دورہ، انصاف کی بروقت فراہمی کیلئے میرٹ اور پیشہ ورانہ مہارت پر زور، موثر پراسیکیوشن قانون کی حکمرانی اور عوامی اعتماد کیلئے ناگزیر، سلمان غنی نے افسران کو کوآرڈینیشن مضبوط بنانے کی ہدایت سیکرٹری پبلک پراسیکیوشن پنجاب سلمان غنی نے کہا ہے کہ محکمہ پراسیکیوشن کا انصاف کی فراہمی کے نظام میں کلیدی کردار ہے لہذا پراسیکیوشن افسران اپنی ذمہ داریاں انتہائی دیانتداری، پیشہ ورانہ مہارت اور میرٹ کے مطابق ادا کریں تاکہ مقدمات کی بروقت تکمیل یقینی اور شریوں کو انصاف کی فراہمی ممکن ہو۔ انہوں نے یہ بات محکمہ پراسیکیوشن سرگودھا کے دورہ کے موقع پر افسران سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ سیکرٹری پبلک پراسیکیوشن نے ضلع بھر میں زیر التواء مقدمات، پراسیکیوشن کے نظام، عدالتی پیروی اور دفتری امور کا جائزہ لیا۔

سرگودھا، پولیس کا ایکشن، رواں ماہ چوری شدہ 30 موٹر سائیکلیں، ایک کار برآمد

پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر لمحہ کوشاں رہے گی، عمران عباس چدھڑ

سرگودھا (بیورو رپورٹ) سرگودھا: اینٹی وہیکل لیفٹنگ ٹیم کی رواں ماہ مئی 2026 کی کارروائی، 30 مسروقہ موٹر سائیکل، 1 مسروقہ کار اصل مالکان کے حوالے ٭ آر پی او سرگودھا شہزاد آصف خان کے ویژن، ڈی پی او سرگودھا محمد صہیب اشرف کی ہدایت اور ایس پی انوسٹی گیشن عمران عباس چدھڑ کی سربراہی میں AVLS ٹیم کی کامیاب کارروائیاں رواں ماہ انچارج AVLS ٹیم اسسٹنٹ سب انسپکٹر آصف محمود نے لاکھوں روپے مالیت کے 30 موٹر سائیکل اور ایک چوری شدہ گاڑی برآمد کر لی۔ ایس پی انوسٹی گیشن عمران عباس چدھڑ نے برآمدہ مال مسروقہ اصل مالکان کے حوالے کیے سرگودھا پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر لمحہ کوشاں رہے گی۔

ننکانہ پولیس کی کارروائی، ڈکیت و چور گینگ کے 3 ارکان گرفتار

ملزموں کے قبضہ سے 10 لاکھ روپے مالیت کا چوری شدہ سامان اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا

ننکانہ صاحب (ڈسٹرکٹ رپورٹر) خطرناک ڈکیت و چور گینگ کے سرغنہ سمیت تین ملزمان سے 10 لاکھ روپے مالیت کا چوری شدہ سامان اور اسلحہ برآمد کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او ارسلان زاہد کی ہدایت پر تھانہ واربرٹن پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے خطرناک ڈکیت و چور گینگ کے سرغنہ سمیت تین ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں ناصر، عدیل اور آصف شامل ہیں، جنہوں نے مختلف علاقوں میں راہزنی اور چوری کی متعدد وارداتیں کیں۔ پولیس نے کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے چھینی گئی نقدی، چوری شدہ سامان اور اسلحہ برآمد کر لیا ہے، جس کی مجموعی مالیت 10 لاکھ روپے سے زائد بتائی جاتی ہے۔ پولیس ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمان سے راہزنی اور چوری کی 18 وارداتوں کا سراغ ملا ہے جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔ ڈی پی او ارسلان زاہد نے پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی تاکہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین شرقپور میں ڈے کیئر سینٹر کا افتتاح

پرنسپل اور سٹاف نے ممبر پنجاب اسمبلی رانا طاہر اقبال کو نمایاں کارکردگی پر سپیشل ایوارڈ سے نوازا

شرقپور شریف (نامہ نگار) گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین شرقپور میں ڈے کیئر سینٹر کا افتتاح ایم پی اے رانا طاہر اقبال نے کیا، کانفرنس ہال میں شاندار کارکردگی پر چیئرمین میونسپل کمیٹی شرقپور میاں عمران علی اشرف، اسسٹنٹ کمشنر شرقپور بلال زبیر سمیت متعدد اساتذہ کرام کو ایوارڈز اور سرٹیفکیٹ دیئے، جبکہ پرنسپل اور سٹاف نے ممبر پنجاب اسمبلی رانا طاہر اقبال کو نمایاں کارکردگی پر سپیشل ایوارڈ سے نوازا اس موقع پر ایم پی اے رانا طاہر اقبال نے گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین میں فیتہ کاٹ کر ڈے کیئر سنٹر اور کانفرنس سنٹر کا افتتاح کیا کانفرنس ہال میں کالج ٹیچرز اور سٹاف اور طالبہ کی کثیر تعداد موجود تھی، رانا طاہر اقبال نے بہترین کارکردگی پر سابق چیئرمین میونسپل کمیٹی شرقپور میاں عمران علی اشرف اور اسسٹنٹ کمشنر شرقپور بلال زبیر سمیت ٹیچرز کو ایوارڈز سے نوازا، اس موقع پر ایم پی اے رانا طاہر اقبال نے مبارکباد پیش کرتا ہوں کہا کہ یہ ایک سپیشل گرانٹ کے تحت یہ دونوں چیزیں معرض وجود میں آئی ہیں، اس سے یہ پتا چلتا ہے کہ بچوں کی تعلیم کا لیول بہتر ہو رہا ہے، چیف منسٹر صاحبہ نہ صرف بچوں کی ویلفیئر پر کام کر رہی ہیں، بلکہ نہ صرف پرنسپل ٹیچرز اور سٹاف کے ویلفیئر پر بھی کام کر رہی ہیں، یہ ڈے کیئر سنٹر ان ٹیچرز کو فیسیلیٹیٹ کرے گا جن کے بچے چھوٹے ہیں، جو اپنے بچوں کو گھر چھوڑ کر آتی تھیں، ان ٹیچرز کو یہ سہولیات دی گئی ہیں، یہ بہت اچھا اقدام ہے، اس سے بہت زیادہ لونگ ٹرم فائدے آئیں گے جو سٹینڈر رانا سکندر اور سی ایم پنجاب مریم نواز نے ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے لیے کیے ہیں، وہ قابل تحسین ہیں۔

صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب منشاء اللہ بٹ سیالکوٹ میوزیم کا افتتاح کر رہے ہیں

سیالکوٹ ہمیشہ سے تاریخ، ہنر، صنعت کا امین شہر رہا ہے، صوبائی وزیر محنت

پنجاب حکومت وزیر اعلیٰ کی قیادت میں تاریخی ورثے کے تحفظ، ثقافتی شناخت کے فروغ کیلئے اقدامات کر رہی ہے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا ہے کہ سیالکوٹ ہمیشہ سے تاریخ، ہنر، صنعت اور تہذیب کا امین شہر رہا ہے، اور آج سیالکوٹ میوزیم کا افتتاح دراصل اس تعلیم ورثے کو محفوظ کرنے اور نئی نسل تک منتقل کرنے کی ایک اہم کاوش ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت وزیر اعلیٰ کی قیادت میں تاریخی ورثے کے تحفظ، ثقافتی شناخت کے فروغ اور نوجوان نسل کو اپنی جڑوں سے جوڑنے کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ وہ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن سیالکوٹ کے زیر اہتمام میوزیم کے بین الاقوامی دن کے موقع پر گلشن اقبال پارک، پسرور روڈ سیالکوٹ میں قائم سیالکوٹ میوزیم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر سیکرٹری اوقاف احسان بھٹہ، ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی، اراکین اسمبلی سید دلشین افتخار، رانا عارف ہرناء، چودھری فیصل اکرام، نوید اشرف سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی جبکہ عبدالشکور مرزا، خالد لطیف، رانا ظفر اقبال، اعجاز نوری، عمر ایوب اور محبوب الٰہی کھر بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ سیالکوٹ میوزیم صرف ایک عمارت نہیں بلکہ شہر کی ہزاروں سال پر محیط تاریخ، ثقافت، روایات، صنعتی سفر اور نمایاں شخصیات کی خدمات کو ایک جگہ سمیٹنے کا خوبصورت مرکز ہے۔

ملکی سالمیت و سلامتی اولین ترجیح ہے: میاں محمد منیر

پوری قوم اپنے وطن پر جان و مال قربان کرنے کے جذبے سے سرشار ہے، بیان

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ممبر صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) نے اقتدار سنبھالتے ہی دوست ممالک کے ساتھ تعلقات کی بحالی، ملکی معیشت کے استحکام اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے عملی اور مؤثر اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملکی سالمیت اور سلامتی ہماری اولین ترجیح ہے اور ان شاء اللہ وطنِ عزیز کے دفاع پر کوئی آنچ نہیں آنے دی جائے گی۔ پوری قوم اپنے وطن پر جان و مال قربان کرنے کے جذبے سے سرشار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت، جمہوری اقدار اور کارکنوں کے احترام پر یقین رکھنے والی جماعت ہے۔ قائد مسلم لیگ (ن) میاں نواز شریف کی بصیرت افروز قیادت نے ہمیشہ پاکستان کو ترقی، خوشحالی اور استحکام کی راہ پر گامزن کیا۔ میاں محمد منیر نے کہا کہ وزیر اعظم میاں شہباز شریف ملک کو معاشی بحران سے نکالنے کے لیے دن رات کوشاں ہیں، جبکہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں صوبے میں صحت، تعلیم اور انفراسٹرکچر کے شعبوں میں مثالی اور تاریخی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر ساہیوال کا جمخانہ کا دورہ، ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا

ساہیوال (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ساہیوال /صدر جمخانہ کلب کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے جمخانہ کا دورہ کیا۔ سیکرٹری جمخانہ چوہدری ظفر اشرف، نائب صدر چوہدری معظم سلطان ایڈووکیٹ، میڈیا کوارڈ بنظر شیخ طارق سجاد ایڈووکیٹ، ممبران ایگزیکٹو کمیٹی رائے محسن، چوہدری منیر احمد جنالہ اور نواز گجر ایڈووکیٹ نے ان کا استقبال کیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے کلب کے ترقیاتی کاموں کے معیار کا چیک کیا۔ انہوں نے کلب کے لیے نئے بننے والے جم ہال کے سامان اور مشینری کا بھی معائنہ بھی کیا۔ سیکرٹری جمخانہ چوہدری ظفر اشرف، نائب صدر چوہدری معظم سلطان ایڈووکیٹ نے ڈپٹی کمشنر کو بتایا کہ جاگنگ ٹریک، پارکنگ، اکاؤنٹ آفس اور ریسٹورنٹ کے کام کو ترجیحی بنیادوں پر جلد مکمل کر لیا جائے گا۔

بانی پی ٹی آئی ملک کی تباہی کے ایجنڈے پر کاربند ہیں: میاں عبدالرشید

اسٹیبلشمنٹی ٹولے کی بیان بازی و الزام تراشی ملک کو معاشی تنزلی کا شکار اور عالمی سطح پر تنہا کرنے کی سازش ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی رہنما حاجی میاں عبدالرشید نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی ملک کی تباہی کے ایجنڈے پر کاربند ہے اسٹیبلشمنٹی ٹولے کی بیان بازی و الزام تراشی ملک کو معاشی تنزلی کا شکار اور عالمی سطح پر تنہا کرنے کی سازش ہے ملکی سالمیت کے اداروں کے وقار پر بار بار حملے بیرونی آقاؤں کی خواہش پر کیے گئے جس سے پی ٹی آئی کا ایجنڈہ پوری قوم پر واضح ہو چکا ہے ان کی عوام کو ورغلانے کی کوئی کوشش کامیاب نہیں ہوگی، قوم ملکی استحکام اور معیشت کی بحالی چاہتی ہے جس کیلئے موجودہ حکومت بھرپور جدوجہد کر رہی ہے، پی ٹی آئی نے ہمیشہ ملکی ترقی کی راہ میں روڑے اٹکائے، (ن) لیگ سیاسی انتقام پر یقین نہیں رکھتی مگر سیاسی لبادہ اوڑھ

ایران اور امریکا حتمی معاہدے کے قریب

امریکا اور ایران تنازع کے حوالے سے اگلے روز ایک اہم پیش رفت یہ سامنے آئی جس میں امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی ختم کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ امریکی صدر نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ کئی کم اہم امور پر اتفاق ہو چکا ہے۔

آبنائے ہرمز کو فوری طور پر بغیر کسی ٹول ٹیکس کے مکمل طور پر کھولا جانا چاہیے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ایران کے افزودہ مواد کو مکمل طور پر تباہ کیا جائے گا۔ ادھر میڈیا کی اطلاعات کے مطابق ایران کے صدر مسعود پزیشکیان نے پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف سے ٹیلیفونک گفتگو میں امریکا کے ساتھ 'معاہدے پر پہنچنے کے لیے مؤثر کوششوں پر پاکستان کا شکریہ ادا کیا ہے۔

یوں دیکھا جائے تو یہ خاصی اہم پیش رفت ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اگلے روز ٹروتھ سوشل پر پوسٹ میں کہا کہ آبنائے ہرمز کو فوری طور پر بغیر کسی ٹول ٹیکس کے مکمل طور پر کھولا جانا چاہیے تاکہ جہاز رانی بلا رکاوٹ جاری رہ سکے۔

تاحکم ثانی کسی قسم کی مالی ادائیگی نہیں کی جائے گی جب کہ دیگر کم اہم امور پر اتفاق ہو چکا ہے۔ وہ اس معاملے پر حتمی فیصلہ کرنے کے لیے سچویشن روم میں اجلاس کرنے جا رہے ہیں۔ ایران کو اس بات پر متفق ہونا ہوگا کہ وہ کبھی بھی جوہری ہتھیار یا بم حاصل نہیں کرے گا۔

انھوں نے کہا کہ اگر سمندر میں بارودی سرنگیں موجود ہیں تو انھیں ختم کیا جائے گا اور امریکا پہلے ہی اپنے جدید مائن سویپرز کے ذریعے کئی سرنگوں کو تباہ کر چکا ہے جب کہ باقی بارودی سرنگوں کو ایران فوری طور پر ہٹائے گا یا تباہ کرے گا۔

آبنائے ہرمز کی بندی کے باعث پوری دنیا بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ عالمی تجارت میں اتھل پتھل کی وجہ سے کئی ملکوں کی معیشت اتار چڑھاؤ کا شکار نظر آتی ہے۔ پاکستان بھی ایسے ملکوں میں شامل ہے جب کہ یورپی یونین کے ممالک، برطانیہ، جاپان اور چین بھی ایسے ممالک میں شامل ہیں جو تیل کے لیے آبنائے ہرمز کی راہداری کا استعمال کرتے ہیں۔

یہ امر خوش آئند ہے کہ امریکا کی ناکہ بندی کے خاتمے کے بعد آبنائے ہرمز میں تجارتی ٹریفک بحال ہو جائے گی۔ گو ابھی اس معاملے میں کافی مشکلات موجود ہیں، جن میں بارودی سرنگوں کا معاملہ بھی خاصا اہم ہے۔ اس کے علاوہ خلیجی ممالک بھی بری طرح متاثر ہو رہے تھے، اب ان کی معیشت بھی بہتر ہو جائے گی جب کہ بہت سے ملکوں کے جہاز بحیرہ ہرمز میں پھنسے ہوئے تھے، وہ بھی کلیئر ہو جائیں گے۔

امریکا اور ایران کے درمیان جنگ کے خاتمے کے حوالے سے بھی معاملات خاصے آگے بڑھ چکے ہیں۔ آبنائے ہرمز کا کھلنا بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ گو ابھی حتمی معاہدے کی تفصیلات سامنے نہیں آئی ہیں اور نہ ہی ابھی فریقین نے اس پر دستخط کیے ہیں تاہم دونوں طرف کی قیادت کے لہجے میں نرمی اور اس امید کا اظہار کہ معاہدہ جلد ہو جائے گا، ظاہر کرتی ہے کہ پس پردہ معاملات طے پا چکے ہیں اور اب صرف معاہدے پر دستخط ہونا باقی ہیں۔

ایران کے صدر مسعود پزیشکیان نے ایکس پر پوسٹ میں لکھا کہ انھوں نے ملائیشیا اور پاکستان کے وزرائے اعظم کو ٹیلی فون پر عید الاضحیٰ کی مبارکباد دی ہے اور سفارت کاری سے متعلق امور پر بھی بات کی ہے۔

انھوں نے انسانی ہمدردی پر مبنی مؤقف اختیار کرنے پر ملائیشیا اور امریکا کے ساتھ معاہدے کے لیے قدم بڑھانے اور اس تک پہنچنے کے لیے موثر کوششیں کرنے پر پاکستان کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ایرانی صدر نے کہا کہ ایران کی پالیسی تمام شعبوں میں مسلمان اور پڑوسی ممالک کے ساتھ تعاون کو فروغ دینا ہے۔

ایرانی سرکاری خبر ایجنسی کے مطابق ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے ایک بیان میں کہا کہ ایران ذلت کے ساتھ سفارتکاری کے عمل میں شریک نہیں ہے، ان کا ملک ایٹمی ہتھیار بنانے کا ارادہ نہیں رکھتا، خطے میں عدم استحکام کا ذمے دار اسرائیل ہے۔

انھوں نے کہا کہ یہ نہیں ہوسکتا کہ ہم لڑیں بھی اور یہ بھی سمجھیں کہ لڑائی کے بعد سب کچھ پہلے جیسا ہوگا۔ ایرانی قیادت کی باتوں سے بھی یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ امریکا کے ساتھ معاہدے کے حوالے سے ان کا ذہن خاصی حد تک واضح ہو چکا ہے۔ پوری دنیا کی خواہش ہے کہ جنگ کی آگ دوبارہ نہ بھڑکے۔ اس حوالے سے پاکستان نے تاریخ ساز کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان کے کردار کو نہ صرف امریکا نے تسلیم کیا بلکہ ایران نے بھی تسلیم کیا ہے۔

ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ اس وقت ہماری توجہ جنگ کے خاتمے پر ہے۔

ایرانی پارلیمانی کمیشن برائے قومی سلامتی و خارجہ امور کے رکن فدا حسین مالکی نے کہا کہ ایران امریکا مذاکرات میں بڑی پیشرفت ہوئی ہے، امریکا کے ساتھ تازہ بات چیت میں بیشتر ایرانی تجاویز مان لی گئی ہیں۔

عالمی میڈیا نے امریکی حکام کے حوالے سے کہا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی میں مزید 60 دن تک توسیع کے لیے ابتدائی معاہدہ طے پا گیا ہے، اس دوران ایران کے جوہری پروگرام کے مستقبل پر مذاکرات شروع کیے جائیں گے تاہم اس نئے معاہدے کی ابھی صدر ٹرمپ یا ایرانی قیادت نے منظوری نہیں دی۔

دوسری جانب برطانوی اخبار گارڈین نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکی صدر ٹرمپ نے ایران معاہدے کا خفیہ مسودہ اسرائیل سمیت اتحادی ممالک کو بھیج دیا ہے، معاہدے میں آبنائے ہرمز اور امریکی ناکہ بندی کھولنے کی شقیں شامل ہیں۔

برطانوی اخبار کے مطابق مفاہمت کی یادداشت کے نتیجے میں ایران کو اس کے ان 12 ارب ڈالر اثاثوں تک رسائی دی جائے گی جو منجمد پڑے ہیں۔ مسودے میں آبنائے ہرمز کو 30 روز میں جنگ سے پہلے کی سطح پر بحال کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر و ایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

پاکستان افغانستان تعلقات کا مستقبل

سلمان عابد

چین کی ثالثی کی بنیاد پر پاکستان اور افغانستان کے درمیان جنگ بندی ہے۔ لیکن دونوں ملکوں کے باہمی تعلقات کی نوعیت کافی پیچیدہ اور مشکل ہے۔ اصل مسئلہ اعتماد سازی کے بحران اور دہشت گردی یا دہشت گردوں کی سرپرستی سے جڑا ہوا ہے۔ پاکستان کی قیادت کا موقف ہے کہ افغانستان میں موجود طالبان رجیم دہشت گردوں کی حامی ہے اور ہمارا ان کے خلاف فوجی آپریشن جاری رہے گا۔ افغان حکومت کی جانب سے ہمارے خلاف گمراہ کن بیانیہ طالبان رجیم کا سیاسی ڈرامہ ہے۔

ہمارا اصل ہدف دراندازوں، دہشت گردوں، ان کے ٹھکانوں یا درست اہداف پر مبنی کارروائیاں ہیں۔ پاکستان اور افغانستان کے تعلقات کی بہتری کے لیے جو مذاکرات کے سیاسی ادوار ترکیئے، قطر، چین یا پھر سعودی عرب کی سطح پر ہوئے ہیں اس کے باوجود اعتماد سازی کا عمل کمزور نظر آتا ہے۔ افغان حکومت پاکستان سے تعلقات کی بہتری کی بات تو کرتی ہے اور یہ یقین دہانی بھی کراتی ہے کہ اس کی سرزمین پاکستان سمیت یا کسی بھی ملک کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہیں ہوگی۔ لیکن افغان حکومت کے تمام تر دعوؤں اور دیگر ممالک کو دی جانے والی یقین دہانیوں کے باوجود افغان طالبان حکومت کوئی ٹھوس اور سنجیدہ اقدامات نہیں اٹھا سکی۔

افغان طالبان اور بھارت کے درمیان بڑھتے ہوئے تعلقات اور ان تعلقات کی بنیاد پاکستان دشمنی پر مبنی ہے یا ان دونوں ممالک کا باہمی گٹھ جوڑ پاکستان کی مخالفت کی بنیاد پر کھڑا ہے۔ پاکستان سفارت کاری کی بنیاد پر یہ سوالات بھی اٹھاتا ہے کہ بھارت اور افغانستان مل کر پاکستان مخالف پراکسی جنگ کی بنیاد پر دہشت گردی کے واقعات میں ملوث ہیں۔ اصل میں دیکھنے کو یہ مل رہا ہے کہ بھارت افغانستان کی مدد سے پاکستان کو دہشت گردی کی جنگ میں جہاں الجھائے رکھنا چاہتا ہے وہیں اس کا ایک ایجنڈا پاکستان کو سیاسی، معاشی اور سیکیورٹی کی بنیاد پر غیر مستحکم کرنا بھی ہے۔ حالیہ پاکستان نے عالمی اور علاقائی سطح پر جو ڈپلومیسی کی بنیاد پر یا جو بھارت کی پاکستان مخالف مہم جوئی میں برتری حاصل کی ہے اس کا بھی بھارت اور نریندر مودی حکومت میں سخت ردعمل پایا جاتا ہے۔

اس لیے پاکستان کی مخالفت بھارت کے تناظر میں سمجھ میں آتی ہے۔ مسئلہ یہ نہیں کہ پاکستان بھارت اور افغانستان تعلقات کی بہتری کا حامی نہیں۔ بلکہ پاکستان کا ایک اصولی موقف یہ ہے دونوں ممالک یعنی بھارت اور افغانستان تعلقات کی بہتری پاکستان دشمنی کی بنیاد پر نہیں ہونی چاہیے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس وقت کابل کی سطح پر پاکستان مخالف جذبات زیادہ مضبوط نظر آتے ہیں اور ان کا جھکاؤ ہمیں اسلام آباد کی بجائے دہلی کی طرف زیادہ دیکھنے کو مل رہا ہے۔ اسی وجہ سے افغانستان کے تناظر میں پاکستان کے تحفظات بڑھ رہے ہیں۔ ابھی تک ہمیں افغان حکومت کی جانب سے پاکستان کے تحفظات کے جواب میں کوئی سنجیدہ کوشش دیکھنے کو نہیں مل رہی بلکہ اس کی جانب سے مسلسل کشیدگی اور الزام تراشی کا ماحول حالات کو اور زیادہ خراب کرنے کا سبب بن رہا ہے۔

ایک اہم سوال یہ بھی ہے کہ جو کوششیں سعودی عرب، قطر، ترکی اور اب چین پاکستان اور افغانستان تعلقات کی بہتری میں ادا کر رہا ہے اس کی ناکامی اور ڈیڈلاک کی وجہ کیا ہے اور کیوں تعلقات کی بہتری کے تناظر میں کوئی بڑا بریک تھرو نہیں ہوسکا۔ ایسے لگتا ہے کہ دونوں ممالک جنگ کی طرف بڑھ رہے ہیں اور اگر ایسا ہوتا ہے تو یہ جنگ محض ان دو ملکوں تک محدود نہیں ہوگی بلکہ مجموعی طور پر اس پورے خطہ کی سیاست، معیشت اور سیکیورٹی متاثر ہوگی۔ حالانکہ مذاکرات کی صورت میں پاکستان اور افغانستان کے درمیان دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مشترکہ میکنزم بننا چاہیے تھا اور دو ملکوں کو ایک دوسرے کی مدد اور معاونت کے ساتھ دہشت گردی کی جنگ کا مقابلہ کرنا چاہیے تھا۔

اسی طرح یہ افغان طالبان حکومت کی ذمے داری بنتی ہے کہ وہ ٹی ٹی پی جیسی دہشت گرد تنظیموں کو لگام ڈالے اور ان کی سیاسی سرپرستی بند کرے جو براہ راست پاکستان میں دہشت گردی کی سرگرمیوں میں ملوث ہے۔ پاکستان نے جس اچھے طریقے سے امریکا اور ایران کی جنگ میں اہم ثالثی کا کردار ادا کیا یا کر رہا ہے اور جس طرح سے عالمی دنیا کو اس معاملہ میں شامل کیا ہے وہ قابل تعریف ہے۔ لیکن کچھ اسی طرز کی اہم یا غیر معمولی سفارت کاری ہمیں بطور پاکستان افغانستان کے تناظر میں بھی کرنی ہوگی یعنی زیادہ سے زیادہ عالمی اور علاقائی ممالک کی مدد سے ہمیں افغانستان اور طالبان پر دباؤ ڈالنا ہوگا کہ وہ دہشت گردوں کی سرپرستی کے کھیل سے باہر نکلے اور پاکستان کے ساتھ بہتری کے سیاسی امکانات کو پیدا کرے۔ جنگ کبھی مسائل کا حل نہیں اور ہم جس طرح کے داخلی مسائل میں الجھے ہوئے ہیں جنگ ہمارے مفاد میں نہیں ہے۔

جنگ کے بعد بھی ہمیں مذاکرات ہی کا حصہ بننا ہے اور اس وقت ہمیں بڑی سیاسی طاقتوں بالخصوص امریکا، چین، روس یا سعودیہ کی مدد سے افغانستان کے ساتھ تعلقات کی بہتری کا کوئی محفوظ اور درمیانی راستہ نکالنا پڑے گا۔ اصل جنگ سفارت کاری کا محاذ ہے یا ہم اس جنگ میں سیاسی حکمت عملیوں کو بنیاد بنا کر آگے بڑھنے کی کوشش کریں۔ البتہ جہاں

دنیا اب پہلے جیسی نہیں رہی

جاوید قاضی

ہم نے درپیش چیلنجز کا صحیح طور ادراک نہیں کیا۔ ہمیں انتہائی سنجیدگی سے ان حقیقی مشکلات کا حل نکالنا ہوگا۔ ہم نے اپنی تاریخ کی جس طرح سے تشریح کی یا پھر اس کو سمجھا وہ اصل حقائق سے بہت دور ہے۔ آج پوری دنیا تبدیلی کی اس دہلیز پر کھڑی ہے جس کی مثال ماضی میں کہیں موجود نہیں۔

اس دنیا میں انسان کی ہزارہا سالہ اجارہ داری پر آج ایک سوالیہ نشان ہے کہ ایک ٹیکنالوجی یعنی مصنوعی ذہانت نے اس دنیا کی کایا پلٹ دی ہے اور آج آپ اس کے بغیر کچھ بھی نہیں۔ اب جنگیں کس طرح سے ہوں گی، اس کا تعین مصنوعی ذہانت کرے گی۔

فوری طور پر آپ کو اب کسی ڈاکٹر، وکیل یا پھر کسی ماہر کی ضرورت نہیں، اب یہ تمام کام مصنوعی ذہانت کرے گی۔ ٹیکنالوجی میں بڑی تیزی سے تبدیلیاں آ رہی ہیں، اس قدر تیزی سے کہ خود کئی ایپس بھی اس رفتار سے پیچھے رہ گئی ہیں۔

اس منظرنامے میں یہ کیسے ممکن ہے کہ سرحدوں پر پہرے لگائے جائیں، ان پر پابندیاں عائد کی جائیں۔ یہ ٹھیک ہے کہ ریاستوں کے نظریات ہیں مگر یہ بھی ضروری نہیں کہ لوگ ان کو مانیں۔ دنیا کا پرنٹ میڈیا اس حوالے بھرا پڑا ہے کہ کس طرح سے مصنوعی ذہانت نے ہنرمند لوگوں کو فارغ کر دیا ہے۔

امریکا کے اسٹاک ایکسچینج میں مصنوعی ذہانت کی کمپنیاں سرمایہ کاری اور حصص کے حوالے سے دوسری کمپنیوں سے بہت آگے نکل چکی ہیں اور اپنے جوہر میں وہ دنیا کے ہر شعبے کو ترتیب دے رہی ہیں۔ اس وقت ایک اور صورتحال دکھائی دے رہی ہے، لیبر مارکیٹ میں انقلابی تبدیلیاں آ رہی ہیں۔ ہنرمند لوگ بے روزگار ہو رہے ہیں اور یہ پھر کیسے ممکن ہے کہ اس کے اثرات پسماندہ اور ترقی پذیر ملکوں نہ ہوں۔

ہمیں ماضی میں زیادہ جھانکتے رہنے کی ضرورت نہیں۔ آج سے دو ہزار سال قبل وادی سندھ کی تاریخ کو سکندر اعظم یا پھر یونانیوں نے رقم کیا۔ ہندوستان کی تاریخ کا اصل وارث بھی بھارت نہیں بلکہ پاکستان ہے بلکہ انڈس سولائزیشن ہے۔

رگ وید آج سے تین ہزار سال قبل لکھی گئی، یہ کتاب ہندوستان کی تاریخ و تشریح کا مرکزی باب ہے۔ یہ کتاب مشرقی دریاؤں پر لکھی گئی تھی یعنی وادی سندھ پر لکھی گئی۔ بات یہ ہے کہ ہم اپنے جغرافیائی خطے کا نام تبدیل کرنے سے اپنی تاریخ سے جدا نہیں ہوسکتے۔

ماضی میں دو جرمنی تھے، آج دو کوریا ہیں۔ دو سوڈان ہیں، کل تک مغربی اور مشرقی پاکستان کا وجود بھی تھا۔ برصغیر و پاک و ہند کی قدیم و جدید تاریخ و تمدن کے وارث ہم بھی اتنے ہی ہیں جتنے وہ خود ہیں۔ برصغیر پاک و ہند کے بڑے حصے پر لگ بھگ آٹھ سو سال تک مسلمان حکمرانوں اور ان کی تیار کردہ درباریوں پر مشتمل اشرافیہ نے حکومت کی۔ فن موسیقی کی ایجاد اور فروغ، ستار، شہنائی، طبلہ کے بجانے والے، پانچ ہزار سالوں کی تاریخ سے ہم کیسے دستبردار ہو سکتے ہیں اور کیا ہمیں ہونا چاہیے؟

ہمیں تاریخ کی غلط تشریح کے باعث بہت سے نقصانات ہوئے۔ ہم نے اپنی تاریخ کے نقوش مٹائے اور سلطنت فارس بکھری تو اس کی کوکھ سے غزنی و غور اور ہرات و خراسان میں جو رجواڑے خود مختار بن کر حاکم بنے، وہ انڈس ویلی اور کوہ ہندوکش میں قائم رجواڑوں سے لڑے اور انھیں ہرانے میں کامیاب رہے لیکن پاکستان میں انھیں ہیرو بنایا گیا حالانکہ وہ تاریخ فارس وسط ایشیا اور تاریخ ہند کے معمولی رجواڑے تھے نہ کہ عظیم سلطنتوں و تہذیبوں کے بادشاہ۔

بہرحال آج پاکستان کا جو نظام ہے، یہ وہ ہے جس نے غلام محمد کو گورنر جنرل تسلیم کر لیا حالانکہ جناح نے پاکستان کے بارے میں کچھ اور فرمایا تھا جس کا ذکر انھوں نے اپنی گیارہ اگست کی تقریر میں کیا تھا۔ پاکستان آزادی کے بعد جن لوگوں کی گرفت میں آیا، وہ اس ملک کو عوام کے سپرد کرنے کے حق میں نہ تھے۔ انتہائی ادب کے ساتھ کہنا چاہوں گا کہ لیاقت علی خان وہ پہلے وزیراعظم تھے جہاں سے پاکستان کے اس عہدے کی رسوائی کا آغاز ہوا، وہ خود آئین سے دستبردار ہو گئے۔

جناح کی گیارہ اگست کی تقریر جو ایک آئین ساز اسمبلی میں ہوئی کیا عمل ہوا؟ نہ ملا آئین اور نہ ہی جمہوریت۔ اس ملک میں جو بھی محب وطن بنا، وہ ذوالفقار علی بھٹو کی طرح تختہ دار پر لٹکایا گیا۔ جنھوں نے پاکستان بنایا وہ جی ایم سید کی طرح مایوس ہوئے۔

بھٹو سے لے کر بے نظیر بھٹو تک جو بھی عوامی لیڈر تھے وہ ''تاریک راہوں میں مارے گئے'' یہاں غیر ملکی سفارش پر وزرائے اعظم کا انتخاب کیا گیا، شوکت عزیز سے لے کر معین قریشی تک۔ ایٹم بم تو ہمارے پاس تھا لیکن شرفاء تو انگریزوں کی سوغات تھی۔ ہمارے پاس مضبوط جمہوری نظام نہیں۔ بے نظیر، ایک دن میں بے نظیر نہیں بنی تھیں۔

انھوں نے جنم لیا تھا تحریکوں سے، جیل کی مشقت سے، جلاوطنی کی سزائیں کاٹ کر وہ بے نظیر بنیں اور جنرل مشرف کے دور میں ماری گئیں۔ سوچیں، اگر آج وہ زندہ ہوتیں تو ان بحرانوں کے دور میں وہ کتنا بڑا اثاثہ ہوتیں، اس ملک کے لیے۔ تیسری دنیا کے ممالک کو بڑے جمہوری لیڈران کی ضرورت ہوتی ہے، ورنہ بڑی طاقتیں ہم جیسی چھوٹی ریاستوں کو نگل لیتی ہیں۔

آبنائے ہرمز کھلنے کے بعد، اس بدلتی دنیا اور اس خطے میں اور خصوصاً امریکی صدر جس نے اپنے اتحادی عمان کو ہی دھمکی دے دی۔ کیا پتا کل وہ کیا کہہ دے۔ مئی سن دو ہزار پچیس سے اب تک پاکستان نے جو معرکے فتح کیے ہیں وہ قابل تعریف ہیں؟ دفاعی اعتبار سے ہم مضبوط ہوئے ہیں، قطر اور سعودی عرب ہم پر بھروسہ کرتے ہیں لیکن کیا ایران سے ہماری تجارت ہو سکے گی۔ آبنائے ہرمز اگر کھل بھی جاتی ہے لیکن وہاں کی صورتحال پہلے جیسی نہیں ہوگی۔

ایران کے ساتھ جنگ، دراصل ایک حربہ تھا چین کے اثر و رسوخ کو روکنے کا، لیکن ایسا نہ ہوسکا۔ اقوام متحدہ کی ساخت کو امریکا نے کمزور بنایا، اسی طرح امریکا تمام عرب ممالک کو بھی کمزور بنا دیتا، اگر پاکستان کے پاس ایٹمی طاقت نہ ہوتی۔ آج اگر چین دنیا کی طاقت نہ ہوتا، تو آج اس دنیا کا نظام کچھ اور ہوتا۔ ہندوستان کی ایک ہی خواہش ہے کہ وہ کسی طرح پاکستان کے وجود کو مٹا دے اور اس مقصد کے لیے اس نے اپنے اتحادی ڈھونڈ لیے ہیں۔

ہماری حفاظت افراد سے نہیں بلکہ اداروں سے ہے۔ آزاد پارلیمان، آزاد عدلیہ، شفاف انتخابات، مضبوط فیڈریشن مختصر یہ کہ ہمیں آئین کے تحت چلنا پڑے گا۔ اس وقت ہمارے لیے سب سے اہم بات یہ ہے کہ ہمیں اپنی معیشت کو اس جگہ لانا پڑے گا جہاں قرضوں کا بوجھ کم ہو جائے۔ لوگوں میں انویسٹمنٹ ہو اور شرح نمو سات فیصد تک بحال ہو۔

بھارت میں کاکروچ جنتا پارٹی کا دھماکا

عثمان دموہی

بھارت میں کاکروچ جنتا پارٹی کے نام سے ایک نئی سیاسی پارٹی کی سوشل میڈیا پر داغ بیل ڈالی گئی ہے، یہ نام اگرچہ بہت عجیب سا ہے مگر اسے اس لیے استعمال کیا گیا ہے کیونکہ بھارت کے چیف جسٹس سوریا کانت نے چند دن قبل بھارت کے نوجوانوں کو ''کاکروچ'' جیسا قرار دیا تھا۔

ان کا کہنا تھا کہ بھارتی نوجوان کاکروچ کی مانند ہیں جو ہر دم موبائل فون سے چمٹے رہتے ہیں اور اپنا زیادہ تر وقت فالتو کاموں میں صرف کرتے ہیں۔ بھارتی نوجوانوں کو چیف جسٹس کی جانب سے انھیں کاکروچ کہنے نے جھنجھوڑ کر رکھ دیا۔

ان کا کہنا ہے کہ وہ کاکروچ ہیں، اس لیے کہ وہ بے روزگار ہیں مگر حکومت ان کے لیے کچھ نہیں کر رہی۔ وہ اپنا وقت موبائل دیکھنے میں گزار دیتے ہیں مگر اس لیے کہ وہ بے روزگار ہیں۔ یہ مہم سوشل میڈیا پر ایک تحریک کی طرح شروع ہوئی ہے۔

ابتدا میں اسے مذاق سمجھا گیا مگر ایسا ہرگز نہیں ہے، یہ بھارتی نوجوانوں کے غصے اور مایوسی کا برملا اظہار ہے۔ یہ مہم جنگل کی آگ کی طرح پورے بھارت میں پھیل گئی ہے اور نوجوانوں نے اس کا والہانہ استقبال کیا ہے۔ اس کے منظر عام پر آتے ہی نوجوان اس کے فالورز بننے لگے تھے، اس وقت تک دو کروڑ سے زیادہ اس کے فالورز ہیں جب کہ دو لاکھ نوجوانوں نے خود کو اس کے ممبر کے طور پر جوائن کر لیا ہے۔

اس تحریک کو ایکس پر شروع کرنے کا سہرا بھارتی صوبہ گجرات کے ایک طالب علم کے سر ہے۔ اس کا نام ابھیجیت دیپکے ہے۔ وہ اس وقت امریکا کے شہر بوسٹن میں ہے، وہ وہاں ماسٹر کرنے کے لیے گیا تھا، اب اس نے اپنا ماسٹر مکمل کر لیا ہے اور جلد ہی وطن واپس لوٹنے والا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ اس نے ایکس پر چیف جسٹس آف انڈیا کا بیان دیکھا جس میں وہ ملکی نظام پر تنقید کرنے اور اپنی رائے دینے والے نوجوانوں کا موازنہ کاکروچ سے کر رہے تھے یعنی کہ بھارتی نوجوان ان کی نظر میں کیڑے مکوڑے ہیں۔

ابھی جیت کا کہنا ہے کہ اسے چیف جسٹس کے ریمارکس انتہائی توہین آمیز لگے۔ اس توہین پر اس نے بھارتی نوجوانوں کو آواز دی کہ جب ہمارے چیف جسٹس صاحب ہمیں کاکروچ کہہ رہے ہیں تو پھر ہم کیوں نہ کاکروچ بن جائیں۔ اس کا کہنا ہے کہ چیف جسٹس کا کام ملک میں انصاف کے عمل کی دیکھ بھال کرنا ہے، وہ نوجوانوں کے خلاف بیان دے کر دراصل حکومت کو خوش کر رہے تھے۔

عدلیہ کو حکومت سے دور اور غیر جانبدار رکھنا ان کی ذمے داری ہے مگر وہ تو خود حکومت کا حصہ بن چکے ہیں اور حکومت کی اپنے فیصلوں کے ذریعے مدد کر رہے ہیں۔ اسی لیے تو عدلیہ بدنام ہے اور بھارتی عوام کا عدلیہ پر سے اعتماد اٹھ گیا ہے۔

دراصل اس وقت مودی حکومت نے عدلیہ کو بھی الیکشن کمیشن اور میڈیا کی طرح گود لے لیا ہے۔ یہ تمام ہی ادارے حکومت کی سہولت کاری کر رہے ہیں جس سے عوام میں اور خاص طور پر نوجوانوں میں غصہ اور مایوسی پائی جاتی ہے۔

افسوس کہ چیف جسٹس حکومت کو اپنی سمت درست رکھنے کا حکم دینے کے بجائے حکومت کی ہاں میں ہاں ملا رہے ہیں۔ موجودہ حکومت انتہا پسند ہے اور مسلمانوں سے نفرت کی بنیاد پر حکومت چلا رہی ہے۔

دن رات وزیر اعظم سے لے کر اس کے وزیر اور مشیر کوئی تعمیری کام کرنے کے بجائے ہندوؤں میں مسلمانوں کے خلاف نفرت کا زہر گھول رہے ہیں یعنی کہ ہندوؤں میں مسلمانوں کے خلاف نفرت پھیلا کر کٹر ہندوؤں کو خوش کر رہے ہیں اور ان کے ووٹوں سے اور الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کے چمتکار سے ہر الیکشن جیت رہے ہیں۔

اس طرح مودی حکومت ایک فرقہ پرست، فراڈی، انتہا پسند اور آمرانہ حکومت بن چکی ہے مگر نفرت اور دھاندلی کی سیاست زیادہ دیر نہیں چل سکتی۔ ابھی جیت نے کہا کہ میں نے ایکس پر جو میسج لکھا تھا۔ اس کا بھارتی نوجوانوں کی جانب سے حیرت انگیز ردعمل آیا اور ہر کوئی خود اس پارٹی کا ممبر بننے کے لیے بے چین نظر آنے لگا اور دیکھتے ہی دیکھتے لاکھوں نوجوانوں نے خود کو اس پارٹی میں رجسٹر کر لیا۔

اس رجحان سے پتا چلا کہ معاملہ یہاں رکنے والا نہیں ہے اور یہ بات مذاق سے بہت آگے جا چکی ہے چنانچہ نوجوانوں کا جوش و خروش دیکھ کر اس کا منشور تیار کیا اور اس کی ممبر شپ کے لیے قواعد و ضوابط بنائے۔ اس کا ہر بے روزگار نوجوان ممبر بن سکتا ہے۔

ان کا کہنا ہے کہ مودی حکومت کی کابینہ میں زیادہ تر کم لکھے پڑھے لوگوں کی اکثریت ہے، مودی کی توجہ کبھی بھی ملک سے غربت کم کرنے یا انتہا پسندی کو ختم کرنے پر نہیں رہی، وہ صرف الیکشن ہر قیمت پر جیتنے پر یقین رکھتے ہیں اور بدقسمتی سے ان کی مسلمانوں کے خلاف نفرتی پالیسی ان کی کامیابی کی کنجی بن گئی ہے مگر یہ صورت حال اور حکومتی رویہ ملک کے لیے انتہائی خطرناک ہے اور ملکی سلامتی اور امن کے لیے بھی ایک بڑا چیلنج ہے۔

اس پارٹی کی بڑھتی ہوئی مقبولیت نے مودی سرکار کی نیندیں حرام کر دی ہیں، حالانکہ یہ ابھی تک باقاعدہ سیاسی پارٹی نہیں بنی ہے اور ابھی صرف ویب سائٹ تک ہی محدود ہے مگر مودی کا خوف دیکھیے کہ اس نے اس کے اکاؤنٹ کو ہی بند کرا دیا ہے۔

حکومت کی یہ بوکھلاہٹ اس پارٹی کے لیے بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ اس کے ممبران کی بڑھتی ہوئی تعداد سے لگتا ہے کہ یہ صرف نوجوانوں میں ہی نہیں بلکہ عام بھارتیوں میں بھی بہت مقبولیت حاصل کر رہی ہے۔ کئی اپوزیشن پارٹیاں بھی اس کی مقبولیت سے بوکھلا گئی ہیں۔

دیگر پارٹیوں کو تو چھوڑیے، خود کانگریس پارٹی شش و پنج میں پڑ گئی ہے۔ کئی مشہور کرکٹ کھلاڑی اور سابق لوک سبھا کے ممبران اس کی ممبر شپ لے چکے ہیں۔ ادھر ممتا بنرجی کی ترنمول کانگریس کی ایک بڑی لیڈر مہوا موئترا بھی اس کی حمایتی بن گئی ہیں۔

اس پارٹی کی مقبولیت سے چیف جسٹس سوریا کانت نے بھی اپنے بیان کو بدل دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ان کے بیان کو میڈیا میں غلط رنگ دیا گیا ہے۔ انھوں نے بھارتی نوجوانوں کو ''کاکروچ'' نہیں کہا تھا، مگر اب حالات بہت آگے نکل گئے ہیں اور چیف جسٹس یا کسی اور شخصیت کے بند باندھنے سے یہ تحریک رکنے والی نہیں ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ بھارتی جنتا پارٹی نے پورے بھارتی معاشرے کو تباہ کر دیا ہے جہاں پہلے کبھی مذہب کو اولیت نہیں دی جاتی تھی کیونکہ بھارت ایک سیکولر ملک ہے، وہاں اب ہندوتوا کا بول بالا ہے۔ بھارت کے بانی گاندھی اور نہرو کو کھلے عام تنقید کا نشانہ بنایا جاتا ہے اور نتھو رام گوڈسے جیسے انتہا پسند قاتلوں کو اہمیت دی جاتی ہے اور بھارتی جنتا پارٹی کی ماں شدت پسند تنظیم آر ایس ایس کو بھارت کو آزادی دلانے والا مانا جاتا ہے۔

سچ یہ ہے کہ آر ایس ایس انگریزوں کی بنائی گئی پارٹی ہے جس کا مقصد ہندو مسلمانوں میں نفرت پیدا کر کے گوروں کی حکومت کو مضبوط کرنا تھا۔ مسلمانوں سے بھارتی جنتا پارٹی کی نفرت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہے مگر اب اگر بھارتی نوجوانوں کی ہر دلعزیز کاکروچ جنتا پارٹی آگے چل کر برسر اقتدار آتی ہے تو وہ اپنے منشور کے مطابق بھارتی مسلمانوں کے ساتھ موجودہ نفرت اور تعصب کا قلع قمع کر کے بھارت کو ایک غیر جانبدار اور بے خوف ملک بنا سکتی ہے مگر اس سلسلے میں انھیں ہندو انتہا پسندوں سے کھل کر مقابلہ کرنا ہوگا۔

''کاکروچ جنتا'' اور ان کی پارٹی

خالد محمود رسول

ہندوستان میں گزشتہ چند ہفتوں کے دوران ایک عجیب نام نے اچانک سیاسی اور سماجی ماحول میں تہلکہ برپا کر دیا۔ ''کاکروچ جنتا پارٹی'' کے قیام کا اعلان سوشل میڈیا پر اصلاً ایک طنزیہ جو تیزی سے وائرل ہوگئی، دیکھتے ہی دیکھتے لاکھوں فالوورز نے سب کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا۔

سوشل میڈیا پر یہ ٹرینڈ شروع کرنے والا خود حیران تھا کہ ایسا کیا ہوگیا کہ پل کی پل میں جنگل ہرا ہوگیا تاہم اب یہ حقیقت واضح ہو رہی ہے کہ اس گہرے طنز کی حیران کن پذیرائی کے پیچھے چھپی نوجوانوں کی سماجی بے چینی، اضطراب اور سیاسی نظام سے بڑھتی ہوئی بددلی کا اظہار کارفرما ہے۔

کہانی اس وقت شروع ہوئی جب بھارتی سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کے ایک ریمارکس نے سوشل میڈیا پر طوفان برپا کر دیا۔ انھوں نے بے روزگار اور مسلسل احتجاج کرنے والے نوجوانوں کو ''کاکروچ'' سے تشبیہ دی۔

بعد میں وضا

Sports کھیل کھلاڑی

میڈرڈ اوپن ٹینس، سنر اور آرتھر سیمی فائنل میں داخل

مارٹا کوسٹیوک اور اناستاسیا پوٹاپووا ویمنز سنگلز سیمی فائنل میں پہنچ گئیں

میڈرڈ (سپورٹس ڈیسک) اٹلی کے ٹینس سٹار عالمی نمبر ون جینک سنر اور فرانس کے ٹینس کھلاڑی آرتھر فلز اپنی عمدہ کارکردگی کی بدولت اے ٹی پی میڈرڈ اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کے سیمی فائنل راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ 24 سالہ اطالوی ٹینس کھلاڑی جینک سنر نے مینز سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل راؤنڈ میچ میں 19 سالہ ہسپانوی حریف رافیل جوڈر کا مچو کو سٹریٹ سیٹس میں ٹائی بریک پر 6-2 اور 7-6 (0-7) سے شکست دی ایک اور ٹاپ 8 میچ میں فرانس کے آرتھر فلز نے جمہوریہ چیک کے ٹینس کھلاڑی جیری لیہیکا کو سٹریٹ سیٹس میں 6-3 اور 6-4 سے ہرا دیا۔ یوکرائن کی ٹینس سٹار مارٹا کوسٹیوک اور روسی نژاد آسٹرین کھلاڑی اناستاسیا پوٹاپووا خواتین کے سنگلز مقابلوں میں اپنی فتوحات کے سلسلے کو برقرار رکھتے ہوئے سیمی فائنل میں پہنچ گئیں جبکہ جمہوریہ چیک کی ٹینس کھلاڑی لنڈا نوسکووا اور جمہوریہ چیک کی ہی ٹینس کھلاڑی کیرولینا پلسکووا کوارٹر فائنل راؤنڈ میں ہار کر ایونٹ سے باہر ہو گئیں۔

مارٹا نے جمہوریہ چیک کی لنڈا نوسکووا کو ٹائی بریک پر سٹریٹ سیٹس میں (7-1) 7-6 اور 6-0 سے ہرایا،، 25 سالہ روسی نژاد آسٹرین کھلاڑی اناستاسیا پوٹاپووا نے سخت مقابلے کے بعد جمہوریہ چیک کی ہی ٹینس کھلاڑی کیرولینا پلسکووا کو 6-1 (7-4) 6-7 اور 6-3 سے شکست دی۔

☆☆☆☆☆☆☆

سڈنی، فٹبال لیگ میچ کے دوران بال کے حصول کیلئے کھلاڑی جدوجہد کر رہے ہیں

بھارت کے ہر ایک بولر سے نفرت ہے: حسن نواز

بھارت کے خلاف کھیلتے ہوتے یقیناً ایک اضافی تحریک رہتی ہے، قومی کرکٹر

لاہور (سپورٹس ڈیسک) قومی ٹیم کے جارح مزاج بیٹر حسن نواز نے کہا ہے کہ بھارت کے ہر ایک بولر سے نفرت ہے۔ ایک انٹرویو میں مڈل آرڈر بیٹر حسن نواز نے کہا کہ بھارت کے خلاف میچوں میں قدرتی طور پر جارحانہ ذہنیت پیدا ہو جاتی ہے۔ حسن نواز نے کہا کہ جب آپ بھارت کے خلاف کھیل رہے ہوتے ہیں تو یقیناً ایک اضافی تحریک رہتی ہے، آپ قدرتی طور پر محسوس کرتے ہیں کہ آپ ان کے بولرز پر حملہ کریں، سچ کہوں تو مجھے ان کے تمام بولرز سے نفرت ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور کی کرکٹ کسی خاص حریف کو نشانہ بنانے کے بجائے میچ کی صورت حال کے مطابق کھیلنے پر زیادہ منحصر ہے۔ قومی بیٹر نے کہا کہ بیٹنگ کی حکمت عملی کا تعین کسی انفرادی بولر کے بجائے بنیادی طور پر درکار رن ریٹ سے ہوتا ہے۔ حسن نواز نے کہا کہ اگر مطلوبہ رن ریٹ 10، 12 یا 15 رنز فی اوور ہو تو پھر بولر کوئی بھی ہو آپ سے زیادہ سے زیادہ رنز بنانے کی کوشش کرتے ہیں، اس لیول پر تمام کھلاڑی بہترین اور ورلڈ کلاس ہوتے ہیں، اس لیے آپ ہر ایک کے لیے منصوبہ بندی کرتے ہیں، ذہن میں کوئی ایسا بولر نہیں ہوتا جسے آپ خاص طور پر نشانہ بنائیں۔

☆☆☆☆☆☆☆

ایران نے امریکا میں فٹبال ورلڈ کپ کھیلنے کی تصدیق کر دی، فیفا

ایران نے اپنے میچز امریکا سے کسی دوسرے ملک منتقل کرنے کی درخواست کی تھی تاہم فیفا نے اسے مسترد کر دیا

لندن (سپورٹس نیوز) فیفا کے صدر جیانی انفانٹینو نے واضح طور پر اعلان کیا ہے کہ سیاسی اور سفارتی پیچیدگیوں کے باوجود ایران نے امریکا میں آئندہ فیفا ورلڈ کپ 2026 کھیلنے کی تصدیق کر دی ہے۔ وینکوور میں ہونے والے فیفا کانگریس کے دوران انفانٹینو نے کہا کہ ایران نہ صرف ورلڈ کپ میں حصہ لے گا بلکہ اپنے میچز امریکا میں ہی کھیلے گا۔ انہوں نے کہا کہ فٹبال کا مقصد دنیا کو جوڑنا ہے اور اسی اصول کے تحت یہ فیصلہ برقرار رکھا گیا ہے۔ واضح رہے کہ 2026 کا ورلڈ کپ امریکا، کینیڈا اور میکسیکو کی مشترکہ میزبانی میں منعقد ہوگا، تاہم ایران کی شرکت پر اس وقت سوالات اٹھے تھے جب امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی میں اضافہ ہوا۔ ایران نے اپنے میچز امریکا سے کسی دوسرے ملک منتقل کرنے کی درخواست کی تھی، تاہم فیفا نے اسے مسترد کر دیا۔ امریکی حکام نے بھی عندیہ دیا ہے کہ ایرانی کھلاڑیوں کو شرکت کی اجازت ہوگی، تاہم سیکیورٹی اور ویزا سے متعلق کچھ پابندیاں برقرار رہیں گی، خاص طور پر ایسے افراد کے لیے جن کے بعض اداروں سے تعلقات ہوں۔ دوسری جانب ایران کی فیفا کانگریس میں عدم شرکت نے اس معاملے کی حساسیت کو مزید اجاگر کیا ہے جبکہ عالمی سطح پر یہ بحث جاری ہے کہ کھیل اور سیاست کو کس حد تک الگ رکھا جا سکتا ہے۔ ایران پہلے ہی ورلڈ کپ 2026 کے لیے کوالیفائی کر چکا ہے اور یہ اس کی تاریخ میں ساتویں شرکت ہوگی تاہم فیفا صدر کے اس تازہ بیان کے بعد ایران کی جانب سے تاحال کسی قسم کی تصدیق یا تردید سے متعلق کوئی بیان سامنے نہیں آیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

افریقی کھلاڑیوں کو سہولتیں اور تحفظ فراہم کیا جائے، کیلتا تشپی کا مطالبہ

اگر افریقی فیڈریشنز کھلاڑیوں کے معیار کے مطابق سہولیات فراہم کریں تو ٹیلنٹ کے ضیاع کو روکا جا سکتا ہے

گابورون (این این آئی) چار سو میٹر دوڑ کے عالمی چیمپئن کیلتا تشپی نے زور دیا ہے کہ افریقی فیڈریشنز اپنے کھلاڑیوں کو بہتر سہولتیں اور مکمل تحفظ فراہم کریں تاکہ وہ دوسرے ممالک کی شہریت اختیار کرنے پر مجبور نہ ہوں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بیان اس وقت سامنے آیا جب عالمی اتھلیٹکس ادارے نے افریقا کے چند کھلاڑیوں کو ترکیہ کی نمائندگی اختیار کرنے سے روک دیا۔ حالیہ برسوں میں بہتر مالی مراعات اور منظم سہولتوں کی تلاش میں کھلاڑیوں کا دوسرے ممالک کی جانب رجحان بڑھا ہے، جس سے افریقا میں ٹیلنٹ کی کمی کا خدشہ پیدا ہو رہا ہے۔ کیلتا تشپی کے مطابق بین الاقوامی مقابلوں کی تیاری کے دوران کھلاڑیوں کو مالی اور انتظامی مشکلات کا سامنا ہوتا ہے، اسی لیے وہ ایسے ممالک کا انتخاب کرتے ہیں جہاں انہیں بہتر سہارا مل سکے۔ حال ہی میں کینیا کی معروف میراتھن رنر بریجڈ کوسگے اور نائجیریا کی سپرنٹر فیور اوفیلی سمیت کئی کھلاڑیوں کو ترکیہ کی جانب سے پرکشش پیشکشیں موصول ہوئیں جبکہ اوفیلی انتظامی غلطی کے باعث پیرس اولمپکس میں سو میٹر دوڑ میں شرکت سے محروم رہیں۔ دوسری جانب بوٹسوانا کے کھلاڑی حالیہ عالمی کامیابیوں کے باعث فی الحال شہریت کی تبدیلی پر غور نہیں کر رہے،

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

عامر سہیل کے کراچی سے متعلق متنازع ریمارکس نے سوشل میڈیا پر ایک نیا طوفان کھڑا کر دیا

سابق کپتان نے ایک عظیم شہر کی پہچان کو محض 'پچکاریوں' تک محدود کر کے اہل کراچی کا دل دکھایا ہے، صارفین، عامر کی وضاحت

کراچی (سپورٹس نیوز) پاکستان سپر لیگ کے 11 ویں ایڈیشن میں لاہور اور کراچی کے میچ کے دوران سابق قومی کپتان اور معروف کمنٹیٹر عامر سہیل کے کراچی سے متعلق متنازع ریمارکس نے سوشل میڈیا پر ایک نیا طوفان کھڑا کر دیا ہے۔ عروس البلاد کہلانے والے پاکستان کے معاشی حب کراچی کے شہریوں اور کرکٹ شائقین نے عامر سہیل کے جملوں کو غیر ذمہ دارانہ قرار دیتے ہوئے شدید غم و غصے کا اظہار کیا ہے۔ لاہور قلندرز اور کراچی کنگز کے درمیان ہونے والے میچ کے دوران کمنٹری کرتے ہوئے عامر سہیل نے شہر قائد کا ذکر غیر ضروری طور پر پان کی پچکاریوں سے کیا۔ انہوں نے گفتگو کے دوران مبینہ طور پر کراچی کی پہچان کو پان تھوکنے کی عادت سے جوڑا، جسے شہریوں نے شہر کی توہین اور نسلی تعصب پر مبنی جملہ قرار دیا ہے۔ عامر سہیل کے اس تبصرے کے بعد سوشل میڈیا پر ہیش ٹیگ کراچی اور عامر سہیل ٹرینڈ کرنے لگے۔ صارفین نے کہا کہ کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر اور معاشی ریڑھ کی ہڈی ہے، جہاں کی مہمان نوازی اور تنوع دنیا بھر میں مشہور ہے تاہم سابق کپتان نے ایک عظیم شہر کی پہچان کو محض پچکاریوں تک محدود کر کے اہل کراچی کا دل دکھایا ہے۔ شدید تنقید کے بعد عامر سہیل نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنی وضاحت جاری کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کا مقصد کراچی کی ثقافت کی توہین کرنا نہیں تھا بلکہ وہ محض ایک سماجی رویے کا ذکر کر رہے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کراچی ان کا اپنا شہر ہے اور وہ یہاں کی روایات کا احترام کرتے ہیں، تاہم اگر ان کی بات سے کسی کی دل آزاری ہوئی ہے تو وہ معذرت خواہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کراچی ان کا اپنا شہر ہے اور وہ یہاں کی روایات کا احترام کرتے ہیں، تاہم اگر ان کی بات سے کسی کی دل آزاری ہوئی ہے تو وہ معذرت خواہ ہیں۔

☆☆☆☆☆☆

ٹیسٹ کرکٹر ظفر گوہر کا پاکستان میں محدود مواقع ملنے پر مایوسی کا اظہار

انگلینڈ میں اسپن بولنگ آسان نہیں، محنت اور درست حکمت عملی سے کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے، گفتگو

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کی جانب سے ایک ون ڈے اور ایک ٹیسٹ میچ کھیلنے والے 31 سالہ ظفر گوہر اب برطانوی شہریت حاصل کرنے کے بعد انگلینڈ ٹیم میں جگہ بنانے کے خواہشمند ہیں۔ انہوں نے 2025 میں گلوسسٹر شائر سے مڈل سیکس کا رخ کیا، جہاں وہ مسلسل بہتر کارکردگی دکھا رہے ہیں، اگرچہ اس سیزن میں ان کی وکٹیں نسبتاً کم رہی ہیں تاہم بیٹنگ میں 164 رنز، بشمول 83 رنز کی ایک اہم اننگ ان کی آل راؤنڈ صلاحیتوں کو اجاگر کرتی ہے۔ ظفر گوہر نے بتایا کہ انگلینڈ میں اسپن بولنگ آسان نہیں، لیکن محنت اور درست حکمت عملی سے کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے، وہ لارڈز جیسے میدان پر بھی مؤثر بولنگ کرنے پر فخر محسوس کرتے ہیں جہاں عام طور پر اسپنرز کو کم مدد ملتی ہے۔ انہوں نے اپنے کیریئر میں پاکستان کی جانب سے محدود مواقع ملنے پر مایوسی کا اظہار بھی کیا، ان کے مطابق کاؤنٹی کرکٹ میں شاندار کارکردگی کے باوجود انہیں نظر انداز کیا گیا جس کے بعد انہوں نے انگلینڈ میں اپنے کیریئر کو آگے بڑھانے کا فیصلہ کیا۔ ظفر گوہر پرامید ہیں کہ اگر انہیں انگلینڈ کی نمائندگی کا موقع ملا تو وہ اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں گے اور اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوائیں گے۔

Showbiz شوبز نیوز

حبا بخاری کی بریڈفورڈ ایونٹ میں بولڈ ڈریسنگ وائرل

حبا بخاری پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی سپر اسٹار سمجھی جاتی ہیں اور اپنے کامیاب ڈراموں کی وجہ سے بڑی تعداد میں مداح رکھتی ہیں

بریڈفورڈ (شوبز نیوز) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی معروف اداکارہ حبا بخاری ایک بار پھر خبروں کی زینت بن گئیں جب وہ بریڈفورڈ میں ایک میٹ اینڈ گریٹ ایونٹ میں شریک ہوئیں۔ ان کے ہمراہ اداکار دانش تیمور بھی موجود تھے، دونوں کی ایونٹ میں آمد کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہیں۔ حبا بخاری پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی سپر اسٹار سمجھی جاتی ہیں اور اپنے کامیاب ڈراموں کی وجہ سے بڑی تعداد میں مداح رکھتی ہیں، ان کی اور دانش تیمور کی جوڑی کو مداح بے حد پسند کرتے ہیں اور دونوں اس وقت ڈرامہ سیریل ہمراہی میں بھی ایک ساتھ نظر آ رہے ہیں جسے اچھا رسپانس مل رہا ہے۔ بریڈفورڈ ایونٹ میں حبا بخاری نے ڈیزائنر طیب معظم کی ڈیزائن کردہ ساڑھی پہنی، تاہم ان کے لباس پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے ملا جلا ردعمل سامنے آیا۔ ویڈیوز میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ساڑھی کی لمبائی زیادہ ہونے اور فٹنگ مکمل نہ ہونے کے باعث اداکارہ کو چلنے میں دشواری کا سامنا تھا، جبکہ وہ بار بار اپنے ڈریپ سے خود کو کور کرتی نظر آئیں۔ سوشل میڈیا صارفین نے ان کے لباس پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اگر کوئی لباس میں خود کو پراعتماد محسوس نہ کرے تو اسے نہیں پہننا چاہیے۔ ایک صارف نے لکھا کہ ساڑھی کی لمبائی بہت زیادہ تھی اور وہ زمین پر گھسٹ رہی تھی، جبکہ ایک اور نے کہا کہ بولڈ لباس کا انتخاب تب ہی کرنا چاہیے جب اسے اچھی طرح کیری کیا جا سکے۔ حبا بخاری کے اس انداز نے ایک بار پھر سوشل میڈیا پر بحث چھیڑ دی ہے جہاں مداحوں کی آرا مختلف نظر آ رہی ہیں۔ ایک صارف نے لکھا کہ ساڑھی کی لمبائی بہت زیادہ تھی اور وہ زمین پر گھسٹ رہی تھی، جبکہ ایک اور نے کہا کہ بولڈ لباس کا انتخاب تب ہی کرنا چاہیے جب اسے اچھی طرح کیری کیا جا سکے۔ حبا بخاری کے اس انداز نے ایک بار پھر سوشل میڈیا پر بحث چھیڑ دی ہے جہاں مداحوں کی آرا مختلف نظر آ رہی ہیں۔

اداکارہ حنا طارق کا فیمنسٹ عورتوں کیلئے سخت بیان

حنا طارق نے عورتوں کا فیمنسٹ ہونا لعنت قرار دے دیا

اداکارہ حنا طارق نے خواتین کے حقوق، فیمنزم اور مردوں کے کردار سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر نئی بحث چھیڑ دی۔ ڈرامہ سیریلز نقاب، نہ تم جانو نہ ہم، نفرت اور حالیہ مقبول ڈرامہ رحمت میں اپنی اداکاری سے توجہ حاصل کرنے والی حنا طارق نے حال ہی میں ایک یوٹیوب شو میں شرکت کی، جہاں انہوں نے جدید تعلقات اور مرد و خواتین کے روایتی کرداروں پر کھل کر گفتگو کی۔ حنا طارق کا کہنا تھا کہ انہیں نرم مزاج، حد سے زیادہ حساس یا پوکی مرد پسند نہیں۔ ان کے مطابق مرد کو مردانہ انداز میں مضبوط، فیصلہ کرنے والا اور خودمختار ہونا چاہیے۔ اداکارہ نے کہا کہ وہ چاہتی ہیں کہ ان کا شریکِ حیات ذمے دار ہو، منصوبہ بندی کرے، کرایہ ادا کرے، انہیں پھول دے اور زندگی کے معاملات سنبھالے کیونکہ وہ عورت ہونے کے ناتے ان روایتی محبت بھرے رویوں سے لطف اندوز ہونا چاہتی ہیں۔ حنا کے مطابق وہ خود مالی طور پر خودمختار ضرور ہیں، لیکن اس کے باوجود وہ چاہتی ہیں کہ مرد اپنی ذمے داریاں نبھائے کیونکہ عورت کے لیے یہی خوبصورتی ہے کہ وہ محبت، توجہ اور عزت پائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انہیں وہ خواتین بھی پسند نہیں جو خود کو مردوں کے کردار میں ڈالنے کی کوشش کرتی ہیں۔ ان کے مطابق وہ گاڑی میں پٹرول بھروانے، بھاری بیگ اٹھانے یا ہر عملی ذمے داری خود سنبھالنے کے بجائے چاہتی ہیں کہ مرد یہ کردار ادا کرے۔ اداکارہ نے واضح کیا کہ عورت ایک خوبصورت اور نازک مخلوق ہے، جسے غصے کے بجائے محبت کی ضرورت ہوتی ہے۔ حنا طارق نے عورتوں کا فیمنسٹ ہونا لعنت قرار دے دیا۔ حنا طارق کے ان بیانات نے سوشل میڈیا پر ملا جلا ردعمل پیدا کیا ہے، جہاں کچھ صارفین نے ان کے خیالات کو روایتی اقدار کے قریب قرار دیا، جبکہ بعض نے اسے جدید فیمنزم کے خلاف سخت مقف سمجھا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

پوڈکاسٹس کے سوالات اکثر تفتیش لگتے ہیں، جیسے فنکار عدالت یا نیب میں بیٹھے ہوں، شان شاہد

اداکار شان شاہد نے صحافی ارشاد بھٹی اور اداکارہ میرا کے درمیان ہونے والے تنازع پر خاموشی توڑ دی

کراچی (شوبز نیوز) شان شاہد نے کہا ہے کہ پوڈکاسٹس کے سوالات اکثر تفتیش جیسے لگتے ہیں، جیسے فنکار کسی انٹرویو میں نہیں بلکہ عدالت یا نیب میں بیٹھے ہوں۔ نامور پاکستانی اداکار شان شاہد نے صحافی ارشاد بھٹی اور اداکارہ میرا کے درمیان ہونے والے تنازع پر خاموشی توڑ دی۔ اداکارہ میرا حالیہ دنوں میں خبروں کی زینت بنی ہوئی ہیں، حال ہی میں وہ نجی یوٹیوب چینل کے پوڈکاسٹس میں نظر آئیں، جہاں ان سے کیے گئے متنازع اور توہین آمیز سوالات سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہے ہیں۔ ان انٹرویوز کے دوران میرا نے کسی بھی تنازع کا جواب نہیں دیا اور صرف اپنی آنے والی فلم سائیکو کی تشہیر کرتی رہیں، اس معاملے پر انہیں مداحوں، میڈیا شخصیات اور فنکار برادری کی جانب سے بھرپور حمایت بھی حاصل ہوئی۔ حال ہی میں ان کے ساتھی اداکار شان شاہد نے بھی میرا اور ارشاد بھٹی تنازع پر نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مجھے ایک بات سمجھ نہیں آتی، تحقیقاتی صحافت اور انٹرٹینمنٹ صحافت دو الگ چیزیں ہیں لیکن پاکستان میں سیاسی صحافت اپنی حدود پار کر کے انٹرٹینمنٹ کے دائرے میں کیوں داخل ہو جاتی ہے؟ انہوں نے کہا کہ ان کے سوالات اکثر تفتیش جیسے لگتے ہیں، جیسے فنکار کسی انٹرویو میں نہیں بلکہ عدالت یا نیب میں بیٹھے ہوں، میرا مطلب یہ ہے کہ صحافت میں پروفیشنلز کو انٹرٹینمنٹ جرنلزم سیکھنی چاہیے، جو ایک فنکار کے ہنر کے بارے میں ہونی چاہیے، نہ کہ تحقیقاتی صحافت کی طرح وہاں تفتیش نہیں ہونی چاہیے۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ مجھے بہت افسوس ہوتا ہے جب وہ فنکاروں کو صادق اور امین دیکھنا چاہتے ہیں، انسان غلطیاں کرتے ہیں، آپ کو اپنے پوڈکاسٹ میں کامل انسان کیوں چاہیے؟ ان کا کہنا تھا کہ میں بہت اچھے لوگوں کو ایسی بری حرکتیں کرتے دیکھتا ہوں، ہم انہیں دیکھتے ہیں، وہ اچھے شوز کرتے ہیں، ہم انہیں فالو کرتے ہیں، عزت دیتے ہیں اور ان کے تجزیے سنتے ہیں، لیکن پھر وہ اپنی عزت کھو دیتے ہیں۔ شان شاہد نے مزید کہا کہ اب فنکاروں کو میزبانوں کے پوڈکاسٹس میں جانے سے پہلے ان کی ذاتی زندگی کے بارے میں مکمل ہوم ورک کر کے جانا چاہیے۔

☆☆☆☆☆☆

کھل نائیک واپس آ رہا ہے، سنجے دت نے اعلان کر دیا

1993 میں ریلیز ہونے والی اس فلم میں سنجے دت کے ساتھ جیکی شروف اور مادھوری ڈکشٹ نے بھی مرکزی کردار ادا کیے تھے

ممبئی (شوبز نیوز) مشہور بالی وڈ فلم کھل نائیک کی کامیابی کی 3 دہائیوں بعد اداکار سنجے دت نے اپنے مشہور کردار بلو کی واپسی کا اعلان کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق بالی وڈ اداکار سنجے دت نے ایک بیان میں بتایا کہ نیا پراجیکٹ اصل فلم کی وراثت کو ایک نئے اور جدید انداز میں پیش کرے گا۔ سنجے دت نے انسٹاگرام پر اپنی پہلی جھلک شیئر کی جس میں وہ سخت اور پرجوش انداز میں نظر آ رہے ہیں، انہوں نے اپنی پوسٹ میں لکھا کہ ہر کہانی کا ایک وقت ہوتا ہے اور اس کا وقت آ گیا ہے، کھل نائیک ریٹرنز۔ اداکار نے بتایا کہ یہ خیال انہیں جیل کے دنوں میں آیا، جب انہوں نے ساتھی قیدیوں سے پوچھا کہ کیا وہ یہ کہانی دوبارہ دیکھنا چاہیں گے؟ تقریباً 4 ہزار قیدیوں نے مثبت جواب دیا اور اپنی رائے تحریری طور پر دی۔ بعد ازاں سنجے دت نے یہ آئیڈیا فلم کے اصل ڈائریکٹر سبھاش گھئی سے شیئر کیا، جنہوں نے اسے اداکار کی اندرونی خواہش اور جذبے کا عکس قرار دیا اور کہا کہ کھل نائیک تفریحی دنیا کا لچنڈ ہے۔ خیال رہے کہ 1993 میں ریلیز ہونے والی اس فلم میں سنجے دت کے ساتھ جیکی شروف اور مادھوری ڈکشٹ نے بھی مرکزی کردار ادا کیے تھے، یہ فلم 1990 کی دہائی کی سب سے اثر انگیز فلموں میں شمار ہوتی ہے۔

کامیابیوں کا کریڈٹ اکیلے نہیں لیتی، اپنی ٹیم کو برابر کا حصہ دار سمجھتی ہوں' میگھا

نئے ویڈیو گانے ''جان'' کو ملنے والی پذیرائی پر پرستاروں کی شکر گزرا ہوں' گلوکارہ کی گفتگو

لاہور (شوبز نیوز) نامور گلوکارہ میگھا کا نئے ویڈیو گانے ''جان'' نے ریلیز کے بعد شائقین میں بے حد مقبولیت حاصل کر لی، گانے کو سوشل میڈیا پر زبردست پذیرائی حاصل ہو رہی ہے اور اب تک لاکھوں لوگ اس گانے کی ویڈیو دیکھ چکے ہیں۔ میگھا کے پرستاروں کی جانب سے گانے کی موسیقی، ویژولز اور ماڈلز کی پرفارمنس کو خوب سراہا جا رہا ہے۔ میگھا نے اپنے نئے گانے کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مداحوں کی جانب سے ملنے والی ستائش میرے لیے قیمتی اثاثہ ہے اور میں اس پر اپنے پرستاروں کی شکر گزار ہوں۔ میں نے اور میری ٹیم نے مل کر اس پراجیکٹ پر دل و جان سے محنت کی اور خوشی ہے کہ لوگوں نے اسے پسند کیا۔ میں اس چیز کی قائل ہوں کہ اکیلا انسان کچھ نہیں ہے، کبھی بھی اپنی کامیابیوں کا کریڈٹ اکیلے نہیں لیتی بلکہ اپنی ٹیم کو برابر کا حصہ دار سمجھتی ہوں اور ان کی ہر طرح سے پذیرائی اور ستائش کرتی ہوں۔ میگھا نے کہا کہ میں ہمیشہ اپنے پرستاروں کی رائے کو اہمیت دیتی ہوں اور آئندہ بھی مزید اچھا کام پیش کرنے کی کوشش کروں گی۔

کاجول نے 30 سال بعد اصول توڑ کر بوسے کے سین کیوں فلمائے؟ اداکارہ کا انکشاف

کاجول نے اعتراف کیا کہ اس منظر کو فلمانے سے قبل وہ کافی غیر یقینی اور بے چینی کا شکار تھیں

بالی ووڈ کی معروف اداکارہ کاجول نے تین دہائیوں پر محیط کیریئر میں اب اصول توڑ کر بوسے کے سین فلمانے کی وجہ بتا دی۔ بالی ووڈ کی متعدد بلاک بسٹر فلموں میں ہیروئن کا مرکزی کردار ادا کرنے والی کاجول نے اپنے او ٹی ٹی ڈیبیو دی ٹرائل: پیار، قانون، دھوکہ میں ایک ایسا قدم اٹھایا جس سے وہ ماضی میں گریز کرتی رہی تھیں۔ کاجول طویل عرصے تک اسکرین پر بوسہ دینے کے مناظر سے دور رہیں لیکن اس سیریز میں انہوں نے اپنے اس اصول کو توڑ دیا۔ ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ یہ فیصلہ مکمل طور پر کردار کی ضرورت کے تحت کیا گیا۔ ان کے مطابق یہ صرف ایک منظر نہیں تھا بلکہ کردار کے جذبات اور سوچ کی عکاسی کرتا تھا اور اسے ہٹانا کہانی کے لیے نقصان دہ ہوتا۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ اس منظر کو فلمانے سے قبل وہ کافی غیر یقینی اور بے چینی کا شکار تھیں لیکن آخر کار اسے ایک پیشہ ورانہ فیصلہ سمجھتے ہوئے انجام دیا۔ سیریز میں انہوں نے یہ منظر اداکار جیشو سین گپتا کے ساتھ فلمایا۔ اس ڈرامے میں کاجول نے نویڑ کا سین گپتا کا کردار ادا کیا ہے جو ایک گھریلو خاتون ہوتی ہیں، تاہم اپنے شوہر کے اسکینڈل کے بعد دوبارہ وکالت کے شعبے میں قدم رکھتی ہے۔ یہ سیریز ہدایتکار سپرن ورما کی تخلیق ہے۔ کاجول نے نویڑ کا سین گپتا کا کردار ادا کیا ہے جو ایک گھریلو خاتون ہوتی ہیں، تاہم اپنے شوہر کے اسکینڈل کے بعد دوبارہ وکالت کے شعبے میں قدم رکھتی ہے۔ یہ سیریز ہدایتکار سپرن ورما کی تخلیق ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بقیہ 1

کے لئے تمام ممکنہ اقدامات پر یقین رکھتے ہیں، تمباکو نوشی کے مضر اثرات کے بارے میں آگاہی صرف حکومتی نہیں بلکہ مشترکہ سماجی ذمہ داری ہے، تمباکو نوشی سے ملک میں اڑھائی لاکھ سے زیادہ اموات کے اعداد وشمار تشویشناک اور تکلیف دے ہیں۔انہوں نے کہا ہے کہ نوجوانوں میں ہارٹ ٹیک کی بڑی وجہ تمباکو نوشی اور ویپ کا استعمال ہوسکتا ہے، اپنے پیاروں کو صحت مند اور سگریٹ کے دھوئیں سے پاک ماحول فراہم کرنا ہم سب کا فرض ہے-وزیراعلیٰ مریم نواز نے عوام سے اپیل کی ہے کہ آج ہی سے تمباکو نوشی چھوڑ کر صحت مند طرز زندگی اپنانے کا عہد کیجیے

بقیہ 2

گورنر سندھ کو اس لیے ہٹایا کہ وہ ان کے غیر قانونی کاموں میں رکاوٹ تھے، جہاں جہاں قبضہ مافیا آپریٹ کررہا ہے، ہم آواز اٹھائیں گے اور قبضہ مافیا کو ایم کیو ایم چیلنج کرتی ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جہاں جہاں قبضہ مافیا آپریٹ کررہا ہے ،ہم آواز اٹھائیں گے اور قبضہ مافیا کو ایم کیو ایم چیلنج کرتی ہے۔ایم کیو ایم کے رہنما نے کہا ہے کہ ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف این او سی کیسے دی گئی؟ قبضے کی جگہ کو قانونی جواز فراہم کیا گیا، 62 ایکٹر ہل پارک کی زمین ہے، اب قبضہ نہیں چلے گا۔فاروق ستار نے کہا کہ اس بار بڑی تیاری کے ساتھ بلدیاتی انتخابات میں اتریں گے، قبضہ مافیا کو اب کراچی والے معاف نہیں کریں گے، 18 سال سے کراچی کو قبضہ مافیا کے حوالے کیا جارہا ہے، پی ای سی ایچ سوسائٹی کی زمینوں پر قبضہ لیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی کو وفاق کے حوالے کرنے کی بات پہلی بار نہیں ہورہی ہے، 1947 سے 1970 تک کراچی وفاق کے انڈر تھا۔انہوں نے کہا کہ شہر کی پہاڑیاں کاٹ کر پلاٹ نکالے جا رہے ہیں اور مہنگے داموں فروخت کیے جارہے ہیں، وسیم اختر اور میرے میئرشپ کے دور میں بھی پہاڑیاں کاٹی جارہی تھیں، رہائشی پلاٹس پر بھی کمرشل سرگرمیاں ہو رہی ہیں، پوچھنے والا کوئی نہیں، اس وقت زمینوں پر قبضے ہورہے ہیں، جرائم بڑھ رہے ہیں اور کراچی جرائم پیشہ افراد کی آماجگاہ بنتا جا رہا ہے۔ایم کیو ایم کے رہنما نے کہا کہ کراچی کی ساری زمین کی لیز کے ایم سی کو دینی چاہیے، میئر کراچی کی ذمے داری ہے کہ وہ قبضہ مافیا کے خلاف کارروائی کریں، کے ایم سی کے افسران قبضہ مافیا کے ساتھ ملے ہوئے ہیں، میں جب میئر تھا تو ہل پارک کے جگہ پر قبضہ ختم کروایا تھا۔

بقیہ 3

نیشنل پولیس اکیڈمی میں سندھ پولیس کے ڈی ایس پیز کی پاسنگ آٹ پریڈ کے موقع پر انہوں نے کہا کہ نیشنل پولیس اکیڈمی کا پولیس افسران کی پیشہ ورانہ تربیت میں اہم کردار ہے، تربیت مکمل کرنے والے ڈی ایس پیز کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔مراد علی شاہ نے کہا کہ آپ نے انتہائی پیشہ ورانہ تربیت کا عمل مکمل کیا ہے،

بقیہ 4

الزامات اور پرانی فرسودہ کہانیوں کے سہارے اپنی سیاست زندہ کرنے کی ناکام کوشش کررہی ہے۔ایم کیو ایم پاکستان کے رہنماؤں کی پریس کانفرنس پر ردعمل دیتے ہوئے شرجیل انعام میمن نے کہا کہ ایم کیو ایم کی سیاست ہمیشہ نعروں، الزامات اور بحران پیدا کرنے کے گرد گھومتی رہی ہے، آج بھی وہی پرانا طرزِ عمل دہرایا جارہا ہے، صوبائی خود مختاری، آئینی اختیارات اور بلدیاتی نظام کو سب سے زیادہ ایم کیو ایم نے متنازع بنانے کی کوشش کی۔شرجیل انعام میمن نے کہا کہ کراچی میں جاری ترقیاتی منصوبے زمینی حقائق ہیں جنہیں کسی بھی پروپیگنڈے سے جھٹلایا نہیں جاسکتا، یلو لائن، شاہراہ جٹھو اور دیگر منصوبے ثبوت ہیں کہ سندھ حکومت عملی کام پر یقین رکھتی ہے، کسی بھی عوامی مقام کے حوالے سے اگر کوئی قانونی یا انتظامی مسئلہ ہے تو اس کا حل عدالتوں اور متعلقہ اداروں کے ذریعے ہونا چاہئے۔صوبائی وزیر نے کہا کہ افسوس ہے کہ جو عناصر برسوں اپنی ناکام انتظامیہ اور مفاداتی سیاست کے ذریعے شہر کے مسائل بڑھاتے رہے، آج دوبارہ خود کو نجات دہندہ بنا کر پیش کر رہے ہیں، سندھ حکومت نے بلدیاتی اداروں کو نہ صرف اختیارات دیے ہیں بلکہ مالی وسائل اور قانونی سپورٹ بھی فراہم کی ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی کسی ایک جماعت کی جاگیر نہیں بلکہ پاکستان کا معاشی مرکز ہے، جو عناصر ترقی کے ہر قدم پر تنقید کو اپنا سیاسی ہتھیار بناتے ہیں، وہ دراصل خود اپنے سیاسی زوال کا اعتراف کررہے ہوتے ہیں۔

بقیہ 5

اظہار کیا ہے کہ صوبائی حکومت ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور جدید انفراسٹرکچر کی تعمیر کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔انہوں نے کہا کہ حکومت عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی ڈھانچے کی بہتری کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھتی ہے اور اس مقصد کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔اس سلسلے میں اتوار کے روز کوہاٹ میں نجی شعبے کے تعاون سے قائم جدید شاہ جی ٹرمینل کا باضابطہ افتتاح کیا گیا۔افتتاحی تقریب میں مقامی عمائدین، ٹرانسپورٹ کے شعبے سے وابستہ افراد، کاروباری شخصیات، سماجی رہنماؤں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر شفیع جان نے کہا کہ شاہ جی ٹرمینل کا قیام کوہاٹ کے عوام کے لیے ایک اہم سنگِ میل ہے جس کے ذریعے شہریوں کو جدید، محفوظ اور معیاری سفری سہولیات میسر آئیں گی۔ان کے مطابق نئے ٹرمینل میں مسافروں کے لیے بہتر انتظار گاہیں، منظم ٹرانسپورٹ نظام، جدید سہولیات اور محفوظ سفری ماحول فراہم کیا گیا ہے جبکہ آمدورفت کے نظام میں بہتری سے شہریوں کو درپیش مشکلات میں نمایاں کمی آئے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ جدید ٹرانسپورٹ انفراسٹرکچر نہ صرف عوام کے معیارِ زندگی کو بہتر بناتا ہے بلکہ مقامی تجارت، کاروباری سرگرمیوں اور علاقائی معیشت کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ شاہ جی ٹرمینل مستقبل میں کوہاٹ اور ملحقہ علاقوں کے درمیان سفری رابطوں کو مزید مؤثر، تیز اور سہل بنانے میں مددگار ثابت ہوگا۔تقریب کے اختتام پر صوبائی وزیر نے ٹرمینل کے مختلف حصوں کا دورہ کیا، دستیاب سہولیات اور انتظامات کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو عوامی خدمت کے معیار کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت بھی کی۔شرکاء نے شاہ جی ٹرمینل کے قیام کو علاقے کی ترقی، عوامی سہولت اور ٹرانسپورٹ کے شعبے کی بہتری کی جانب ایک مثبت پیش رفت قرار دیا اور امید ظاہر کی کہ اس منصوبے سے نہ صرف سفری سہولیات میں اضافہ ہوگا بلکہ علاقے کی معاشی اور تجارتی سرگرمیوں کو بھی نئی تقویت ملے گی۔

بقیہ 6

علی امین گنڈاپور دوبارہ اقتدار میں آنے کے خواب دیکھ رہے ہیں، تاہم ان کی جماعت کے اندرونی معاملات اور قیادت کے فیصلے اس راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔انہوں نے کہا کہ علی امین گنڈاپور آج انہی اداروں اور شخصیات سے ریلیف مانگ رہے ہیں جنہیں ماضی میں شدید تنقید کا نشانہ بناتے رہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیرہ ایئرپورٹ پر میڈیا سے گفتگو کے دوران کیا، انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خود آئینی عدالت سے رجوع کرچکے ہیں، حالانکہ ماضی میں وہ اس عدالت اور اس کے قیام کی مخالفت کرتے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر عدالت کوئی فیصلہ دیتی بھی ہے تو حتمی فیصلہ تحریک انصاف کی قیادت اور پارٹی کو ہی کرنا ہوگا۔فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پی ٹی آئی کے اندر قیادت اور حکومت کے معاملات پر اختلافات موجود ہیں اور یہ جماعت کا اندرونی مسئلہ ہے کہ کون وزیراعلیٰ رہے گا اور کون نہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ سابق وزیراعلیٰ اسلام آباد میں مختلف سیاسی شخصیات سے ملاقاتیں کررہے ہیں اور اقتدار میں واپسی کے لیے حمایت حاصل کرنے کی ناکام کوششوں میں مصروف ہیں۔انہوں نے کہا کہ اسلام آباد ایک چھوٹا شہر ہے اور سیاسی ملاقاتوں کی تفصیلات زیادہ دیر تک پوشیدہ نہیں رہتیں۔گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ صوبے میں گورننس، کرپشن اور امن و امان کے سنگین مسائل موجود ہیں جبکہ سیکیورٹی صورتحال سب سے بڑا چیلنج بن چکی ہے، جس پر فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو سیاسی معاملات کے بجائے عوامی مسائل کے حل اور امن وامان کی بہتری پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے۔انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ این-55 ڈیرہ پروآرو ڈ کو دو رویہ بنانے کے منصوبے پر جلد عملی کام شروع ہوگا اور اس منصوبے کے ٹینڈرز کا عمل مکمل ہو چکا ہے۔ گورنر نے پنجاب حکومت کی طرف سے گندم پر عائد پابندی کو کسانوں کے ساتھ زیادتی اور آئین کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس فیصلے پر نظرثانی ہونی چاہیے تاکہ کاشتکاروں کے مفادات کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔فیصل کریم کنڈی نے مزید کہا کہ اٹھائیسویں آئینی ترمیم کا تاحال کوئی باضابطہ مسودہ سامنے نہیں آیا، تاہم پاکستان پیپلز پارٹی ہر آئینی معاملے کا تفصیلی جائزہ لے کر اپنی تجاویز پیش کرتی ہے اور آئینی اصلاحات کے حوالے سے سنجیدہ اور ذمہ دارانہ کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 7

بھی موجود تھیں۔ملاقات میں پاکستان اور امریکہ کے درمیان اقتصادی روابط کو فروغ دینے پر زور دیا گیا اور اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ دونوں ممالک کے درمیان شراکت داری کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔ملاقات میں علاقائی امن اور باہمی تعاون کے فروغ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 8

پی آئی اے کی پہلی حج پرواز پی کے 742 کے ذریعے 114 مسافر جدہ سے اسلام آباد پہنچے۔پرواز کا استقبال اسلام آباد کے چیف آپریٹنگ آفیسر آفتاب گیلانی نے کیا اور حجاج کو ہار پہنائے۔اس موقع پر ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس اور پی آئی اے کے اعلیٰ عہدیداران بھی موجود تھے۔ترجمان کے مطابق پی آئی اے کا حج آپریشن 30 جون تک جاری رہے گا۔پی آئی اے جدہ اور مدینہ منورہ سے اسلام آباد، لاہور، کراچی، فیصل آباد، ملتان، سیالکوٹ اور کوئٹہ کی پروازیں آپریٹ کرے گا جن کے ذریعے سے 53 ہزار سے زائد حجاج کرام وطن واپس پہنچیں گے۔پی آئی اے نے حجاج کرام کی خدمت کی خاطر تمام اقدامات مکمل کرلئے ہیں اور آپریشن کی نگرانی سی ای او پی آئی اے ازخود کررہے ہیں۔

بقیہ 9

کے مطابق عالمی یومِ انسدادِ تمباکو نوشی کے موقع پر ہفتہ کو جاری پیغام میں صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ تمباکو کے صحت کے لیے نقصانات کی طرف پہلی بار توجہ مبذول کرانے والی ابتدائی تحریروں کو اب لگ بھگ چار سو سال گزر چکے ہیں۔کئی دہائیوں سے سائنسی اور طبی برادری میں اس بات پر پختہ اتفاقِ رائے پایا جاتا ہے کہ تمباکو کی مصنوعات صحت اور معیشت کے لیے سنگین خطرات کا باعث ہیں۔انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں یکے بعد دیگرے آنے والی حکومتوں نے سول سوسائٹی کے ساتھ مل کر تمباکو کے استعمال کو کم کرنے کے لیے قوانین اور آگاہی کے ذریعے متعدد اقدامات کیے ہیں۔ اس کے باوجود، یہ پاکستان سمیت دنیا بھر میں عوامی صحت اور معاشی فلاح و بہبود کے لیے ایک سنگین خطرہ بنا ہوا ہے۔عالمی ادارہ صحت کے تخمینے کے مطابق تمباکو دنیا بھر میں ہر سال 70 لاکھ سے زائد اموات کا سبب بنتا ہے، جس میں سیکنڈ ہینڈ اسموک کا شکار ہونے والے تقریباً 16 لاکھ افراد کی اموات بھی شامل ہیں۔صدر مملکت نے کہا کہ یہ اعداد وشمار ہمیں عوامی صحت کے اس بڑے چیلنج کی سنگینی پر غور کرنے پر مجبور کرتے ہیں جو لاکھوں لوگوں اور خاندانوں کو مسلسل متاثر کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ بچے اور نوجوان اس کا خاص طور پر شکار ہو رہے ہیں۔تمباکو اور نکوٹین کی صنعت نئی نسلوں کو ایسی بدلتی ہوئی مصنوعات اور مارکیٹنگ کے طریقوں کے ذریعے نشانہ بنا رہی ہے جو لت لگانے اور اسے برقرار رکھنے کے لیے ڈیزائن کیے گئے ہیں۔کم عمری میں نکوٹین کا استعمال عمر بھر کی وابستگی اور صحت کے منفی نتائج کے خطرے کو بڑھا دیتا ہے۔صدر مملکت نے کہا کہ جدید ترین تحقیق ظاہر کرتی ہے کہ عالمی سطح پر اور پاکستان میں سگریٹ، ای-سگریٹ، ویپنگ ڈیوائسز، نکوٹین پاؤچز اور دیگر نکوٹین مصنوعات کا استعمال عوامی صحت کے بڑھتے ہوئے خدشات کا باعث بن رہا ہے۔ اس بات کے بھی شواہد موجود ہیں کہ نوجوانوں میں کثیر متبادل منشیات کے استعمال کا رجحان بڑھ رہا ہے، جہاں تمباکو اور نکوٹین کی مصنوعات دیگر نقصان دہ اشیاء کے ساتھ استعمال کی جارہی ہیں، جو نوجوانوں اور معاشرے کے لیے شدید خطرات پیدا کررہی ہیں۔اس کے لیے مضبوط آگاہی، قوانین اور روک تھام کی کوششیں ناگزیر ہیں۔انہوں نے کہا کہ کم عمری میں نکوٹین کا استعمال عمر بھر کی محتاجی، صحت کے منفی نتائج اور مستقبل کے محدود مواقع کے خطرے کو بڑھاتا ہے۔ ہر طرف پھیلے ہوئے سیکنڈ ہینڈ اسموک کے باعث بچے دمہ، نمونیا، کان کے انفیکشن، پیدائشی کم وزن اور اچانک موت جیسے خطرات کا زیادہ شکار ہو رہے ہیں۔اس کا اثر صرف صحت تک محدود نہیں ہے، بلکہ یہ خاندانوں اور نظامِ صحت پر بھی ایک بھاری بوجھ ڈالتا ہے۔انہوں نے کہا کہ تمباکو کی مصنوعات غیر متعدی امراض جیسے کہ دل کی بیماریاں، کینسر اور سانس کی دائمی بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ سے بھی گہرا تعلق رکھتی ہیں۔یہ بیماریاں افراد اور خاندانوں کو ذاتی سطح پر شدید متاثر کرتی ہیں اور ہمارے ہسپتالوں، کلینکس اور عوامی صحت کی خدمات پر مسلسل دباؤ ڈالتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ بہت سے گھرانوں کے لیے یہ اثر محض کتابی نہیں ہے، کمانے والے والدین کا بیمار ہونا، ہسپتال کے بار بار چکر لگانا، طویل مدتی علاج کے اخراجات اور کمانے کی صلاحیت میں کمی، پہلے سے ہی محدود گھریلو وسائل کو تیزی سے متاثر کرسکتی ہے۔بچوں کے اسکول سے غیر حاضر رہنے سے لے کر معمول کے اخراجات کو پورا کرنے میں خاندانوں کو درپیش مشکلات تک یہ براہِ روزمرہ کی زندگی میں محسوس کیا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست کے سربراہ کی حیثیت سے مجھے آپ کو یہ بتانا ہے کہ یہ دن ہمیں تمباکو کی مصنوعات کے نقصانات سے موجودہ اور آنے والی نسلوں کو بچانے کی ہماری مشترکہ ذمہ داری کی یاد دلاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ دیگر مسائل کے ساتھ ساتھ، ہماری قومی پارلیمان اور صوبائی اسمبلیاں ایسے قوانین بنائیں اور نفاذ کے مؤثر میکانزم تشکیل دیں تاکہ ہمارے لوگوں اور مستقبل کی نسلوں کا تحفظ کیا جاسکے اور موت کے سوداگروں※ کا مؤثر طریقے سے مقابلہ کیا جاسکے۔صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ پارلیمان اور حکومت کے علاوہ، والدین، اساتذہ، فنکار، شاعر، گلوکار، موسیقار، اداکار، ڈرامہ نگار، ہیلتھ کیئر پروفیشنلز اور کمیونٹی لیڈرز سب کا آگاہی پیدا کرنے، تمباکو کی مصنوعات کے استعمال کی حوصلہ شکنی کرنے اور اپنے لوگوں کے تحفظ کے لیے ایک سازگار ماحول (ایکوسسٹم) بنانے میں اہم کردار ہے۔گھریلو اور سماجی سطح پر تبدیلی عوامی صحت میں قومی ترقی کے لیے معنی خیز کردار ادا کرسکتی ہے۔

بقیہ 10

جنرل سٹیشن سینڈرز نے ملاقات کی جس میں پاک امریکہ تعلقات، تجارتی روابط، سرمایہ کاری، وفود کے تبادلوں اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔چیئرمین سینیٹ نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کی انتظامیہ کی جانب سے خطے میں امن واستحکام کے لیے پاکستان کے مثبت کردار پر اعتماد کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو تاریخی اسلام آباد مذاکرات کی میزبانی پر خوشی ہے، جنہوں نے امریکہ اور ایران کے درمیان براہِ راست رابطے کے لیے ایک اہم موقع فراہم کیا۔چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے دونوں ممالک کے درمیان حالیہ اعلیٰ سطحی روابط کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے تجارت، سرمایہ کاری، انفارمیشن ٹیکنالوجی، توانائی، معدنیات، صحت، تعلیم اور زراعت کے شعبوں میں تعاون کے مزید فروغ کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 11

رویت ہلال ریسرچ کونسل کے سیکرٹری جنرل خالد اعجاز مفتی کے مطابق نیا چاند 15 جون 2026 کو پاکستانی وقت کے مطابق صبح 7 بج کر 54 منٹ پر پیدا ہوگا تاہم اسی روز غروب آفتاب کے وقت چاند کی عمر پاکستان کے تمام علاقوں میں 12 گھنٹوں سے بھی کم ہوگی، جبکہ ہلال کی رویت کے لیے عموماً چاند کی عمر 18 گھنٹے سے زائد ہونا ضروری سمجھی جاتی ہے۔انہوں نے بتایا کہ غروب شمس اور غروب قمر کے درمیان وقفہ بھی رویت ہلال کے لیے اہم ہوتا ہے۔ 15 جون کی شام کراچی میں یہ فرق 37 منٹ جبکہ پشاور میں 42 منٹ ہوگا، تاہم چاند کی کم عمر کے باعث رویت کے امکانات موجود نہیں ہوں گے۔خالد اعجاز مفتی کے مطابق چاند کی عمر 18 گھنٹوں سے کم ہونے کی وجہ سے مطلع صاف ہونے کی صورت میں بھی 15 جون کی شام ہلال کی رویت تنگی آنکھ، دوربین یا حتیٰ کہ ٹیلی سکوپ کے ذریعے بھی ممکن نہیں ہوگی۔رویت ہلال ریسرچ کونسل کے مطابق ذوالحجہ 1447 ہجری کے 30 دن مکمل ہونے کے بعد یکم محرم الحرام 1448 ہجری بدھ 17 جون 2026 کو ہوگی۔تاہم انہوں نے واضح کیا کہ نئے اسلامی سال کے آغاز یعنی محرم الحرام کے چاند کی رویت کا شرعی اور حتمی اعلان مرکزی رویت ہلال کونسل کرے گا۔

بقیہ 12

سرگرمیوں کے فروغ میں اہم پیشرفت ہے۔اس آزمائشی پرواز کے بعد گوادر میں ملکی و بین الاقوامی پروازوں کے باقاعدہ آغاز کی راہ ہموار ہوگی۔گوادر ایئرپورٹ کا آپریشنل ہونا ملکی معیشت کی بحالی اور ترقی کیلئے ایک اہم محرک ثابت ہوگا۔

بقیہ 13

وفاقی وزیر توانائی کا کہنا تھا کہ حق دار صارفین کو سبسڈی دینا جاری رکھیں گے، یہاں بجلی پر ہر کوئی سیاسی بیان دے جاتا ہے اور تالی بجوانے کے لیے ایسے بیانات دیے جاتے ہیں۔اویس لغاری نے کہا کہ پچھلے دو سالوں سے بجلی کی قیمت میں کمی آئی ہے، حکومت نے 780 ارب کا گردشی قرضہ کم کیا ہے، بجلی کی پیدوار کے لیے مقامی ذرائع پر انحصار بڑھ رہا ہے۔اُن کا کہنا تھا کہ 20 لاکھ افراد کے شناختی کارڈ کے ذریعے بجلی میٹر کو لنک کیا گیا ہے، پروٹیکٹڈ صارفین کی سبسڈی ختم کرنے کی خبریں حقائق کے منافی ہیں۔وفاقی وزیر توانائی نے کہا کہ شعبہ توانائی میں اصلاحات سے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں، گھریلو صارفین کے بلوں میں 16 فیصد اور پروٹیکٹڈ صارفین کے بلوں میں 32 فیصد کمی کی ہے، مجموعی طور پر زرعی اور گھریلو صارفین کو 527 ارب کی سبسڈی دی جارہی ہے ۔اویس لغاری کا کہنا تھا کہ آزاد کشمیر کے صارفین کیلئے 45 فیصد بجلی کی قیمتوں میں کمی کی، آئی پی پیز معاہدوں سے 3500 ارب کی بچت کی ہے جب کہ بجلی بلوں پر ٹیکسز کی کوئی تجویز زیر غور نہیں

بقیہ 14

وزیراعلیٰ پنجاب نے ستھرا پنجاب ورکرز کے لیے 10،10 ہزار انعام کا اعلان کیا ہے۔سینئر وزیر پنجاب کا کہنا تھا کہ گرینڈ آپریشن میں متعلقہ اداروں نے اعلیٰ کارکردگی دکھائی، پورے پنجاب کو مہارکباد اور وزیراعلیٰ پنجاب کو شاباش!، وزیراعلیٰ متحرک ہو تو پھر ایسے ہی نتائج آتے ہیں۔مریم اورنگزیب نے کہا کہ شہری بہترین صفائی انتظامات پر وزیراعلیٰ پنجاب کے معترف ہے، ستھرا پنجاب پروگرام پاکستان بھر میں سوشل میڈیا پر ٹاپ ٹرینڈ بنا رہا، کیٹل مارکیٹس کی نگرانی اور صفائی بھی یقینی بنائی گئی۔اُن کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز عوامی خدمت کے لیے کوشاں ہیں، اللہ نہ کرے سیلاب کی صورتِ حال ہو لیکن ہماری تیاری مکمل ہے، آئندہ دنوں سیلاب سے متعلق انتظامات بارے بریفنگ دوں گی۔سینئر وزیر پنجاب نے کہا کہ صوبے میں تمام اداروں اور ضلعی انتظامیہ نے مل کر کام کیا، ستھرا پنجاب کی ٹیم کی محنت کے بغیر یہ آپریشن ممکن نہیں تھا، مریم نواز پورے آپریشن کی نگرانی خود کررہی تھی۔مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ جو صوبہ بہتر کام کرے اس سے دوسرے صوبوں کو سیکھنا چاہیے، ایک دوسرے سے اچھی چیزیں سیکھنی چاہیے، ہمارا مقصد عوام کو سہولیات دینا ہے۔اُنہوں نے مزید کہا کہ اللہ کا شکر ہے مریم نواز کی سرجری کامیاب ہوئی، آپریشن شریف میڈیکل سٹی میں ہوا، وہ علاج کے لیے کہیں نہیں جارہیں

بقیہ 15

ٹرانسپورٹرز 4 فیصد کمی کے ساتھ فوری نئے کرائے نامے آویزاں کرنے کے پابند ہوں گے۔کرایوں میں کمی سے ریلیف براہ راست عوام تک پہنچے گا، کرائے کم نہ کرنے والی بسیں اور اڈے سیل ہوں گے۔

بقیہ 16

پر 11. 6 فیصد سالانہ جبکہ آخری منافع پر 12. 4 فیصد کی شرح سے بھاری منافع دیا جائے گا۔شارٹ ٹرم سیونگز سرٹیفکیٹس میں 3 ماہ کے سرٹیفکیٹ پر 10. 48 فیصد، 6 ماہ کے سرٹیفکیٹ پر 10. 58 فیصد اور ایک سال کے سرٹیفکیٹ پر 11. 23 فیصد سالانہ منافع ملے گا۔نوٹیفکیشن کے مطابق ریگولر سیونگز اکاؤنٹس پر منافع کی شرح 10 فیصد سالانہ رکھی گئی ہے جبکہ شریعت کے مطابق سرمایہ کاری کرنے والوں کے لیے بھی منافع کی شرح میں اضافہ کیا گیا ہے۔ایک سال کے سروا اسلامک ٹرم اکاؤنٹ پر اب 10. 93 فیصد سالانہ منافع ملنے کی توقع ہے جبکہ 5 برس کے سروا اسلامک ٹرم اکاؤنٹ پر 11. 16 فیصد سالانہ تک منافع ملنے کا امکان ہے۔محکمہ قومی بچت کے مطابق ڈیفنس سیونگز سرٹیفکیٹس، بہبود سیونگز سرٹیفکیٹس، پینشنرز بینیفٹ اکاؤنٹس اور شہدا فیملی ویلفیئر اکاؤنٹس پر پہلے کی طرح 12 فیصد سالانہ منافع ملتا رہے گا۔

بقیہ 17

ذریعے لاہور سمیت صوبہ بھر میں صفائی ستھرائی اور امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے میں اہم معاونت فراہم کی۔موثر سکیورٹی اقدامات کے باعث عیدالاضحیٰ کے ایام مجموعی طور پر پرامن گزرے۔ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ عیدالاضحیٰ کے ایام کے دوران قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں۔غیر قانونی طور پر کھالیں اکٹھی کرنے کے جرم میں 22 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ون ویکنگ میں ملوث 31 قانون شکنوں کو گرفتار کر کے 17 مقدمات درج کیے گئے جبکہ ہوائی فائرنگ میں ملوث 10 افراد کو گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کیے گئے اور ناجائز اسلحہ بھی برآمد کیا گیا۔ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ اسلحہ کی نمائش کے ذریعے شہریوں میں خوف و ہراس پھیلانے کے جرم میں 17 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جبکہ لاؤڈ سپیکر ایکٹ کی خلاف ورزی پر 80 افراد کی گرفتاری عمل میں لائی گئی اور 83 مقدمات درج کیے گئے۔آئی جی پنجاب عبدالکریم نے ہدایت کی کہ قانون شکن اور ملک دشمن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں۔علاوہ ازیں ڈی پی او مری ڈاکٹر محمد رضا تنویر نے بتایا کہ عیدالاضحیٰ تعطیلات کے دوران مری پولیس اور مری ٹریفک پولیس نے بہترین سکیورٹی اور ٹریفک مینجمنٹ کو یقینی بنایا۔عید کے پہلے تین روز میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا جبکہ مجموعی طور پر 70 ہزار 375 گاڑیاں ضلع مری میں داخل ہوئیں۔ڈی پی او مری نے مزید بتایا کہ گزشتہ سال کے مقابلے میں امسال عید کے پہلے تین دنوں میں ٹریفک دباؤ میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی۔عید کے تیسرے روز 31 ہزار 16 گاڑیوں کی آمد کے باوجود ٹریفک روانی برقرار رکھی گئی جبکہ گزشتہ سال کے مقابلے میں عید کے تیسرے روز 38 ہزار 202 کم گاڑیاں مری میں داخل ہوئیں۔انہوں نے بتایا کہ تمام داخلی راستوں پر موثر مانیٹرنگ اور کنٹرولڈ انٹری سسٹم نافذ رہا، فیملیز، ہوٹل بکنگ رکھنے والے سیاحوں اور حقیقی وزیٹرز کو ترجیح دی گئی جبکہ فلگر اس ایکسپریس وے اور نیشنل ہائی وے پر مسلسل نگرانی جاری رہی۔سرچ آپریشنز، ناکہ بندی، ہوٹل آئی اور ٹریول آئی ویریفکیشن کے اقدامات پورے عید آپریشن کے دوران فعال رہے۔اسلام آباد پولیس، موٹروے پولیس اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مشترکہ رابطہ برقرار رکھا گیا جس کے نتیجے میں شہریوں اور سیاحوں کو محفوظ، پرامن اور سہولت بخش ماحول فراہم کیا گیا۔ڈی پی او مری ڈاکٹر محمد رضا تنویر نے مزید کہا کہ مری پولیس اور ٹریفک پولیس کی محنت، پیشہ ورانہ حکمت عملی اور موثر کوآرڈی نیشن کے باعث شہر میں غیر ضروری ٹریفک دباؤ پیدا نہیں ہونے دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ کے دوران سیاحوں کی سہولت، سکیورٹی اور ٹریفک نظم وضبط کو اولین ترجیح دی گئی اور تمام متعلقہ اداروں نے باہمی تعاون سے کامیاب عید آپریشن کو یقینی بنایا۔

بقیہ 18

استعمال کرنے والوں کے خلاف بھی سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، جبکہ خلاف ورزی کے مرتکب افراد کے چالان کے ساتھ مقدمات بھی درج کیے جائیں گے۔سی ٹی او نے کہا کہ فینسی، نام، برادری یا دیگر غیر منظور شدہ نمبر پلیٹس لگانے کی اجازت نہیں ہوگی اور ایسی تمام گاڑیوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔انہوں نے واضح کیا کہ صرف وہی نمبر پلیٹس قابل قبول ہوں گی جو محکمہ ایکسائز کے مقررہ نمونے کے مطابق ہوں، جبکہ قواعد کے مطابق نمبر پلیٹس رکھنے والے شہریوں کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 19

روپے لیے، گاؤں والوں نے چندہ جمع کر کے لیسکو کے ملازمین کو 80 ہزار روپے ادا کیے مگر رسید کسی نے نہیں دی، باقی آپ اندازہ لگا سکتے ہیں۔خواجہ آصف نے یہ بھی لکھا کہ یہ حال ہے کہ بجلی کا ایک سابق وزیر سفارشی ہو اور وہ موجودہ کابینہ کا رکن بھی ہو، اس کی سفارش پہ بھی واردات سے گریز نہیں کیا جاتا، عام صارف کا کیا حال ہوگا، رقم کی باقاعدہ ادائیگی ہوئی ہے، لیسکو رسید سے انکاری ہے۔بعدازاں لیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز نے وفاقی وزیر خواجہ آصف کے ٹویٹ پر نوٹس لے لیا، ایکسین پھول نگر اور ایس ڈی او پتوکی معطل کردیئے گئے۔ذرائع کے مطابق پتوکی سب ڈویژن کا دیگر عملہ بھی معطل کیا گیا، ٹرانسفارمر کو غیر قانونی مرمت کرنے اور کروانے والوں کے خلاف اندراج مقدمہ کی درخواست دائر کر دی گئی۔دوسری جانب رشوت دینے کے معاملہ پر چیف ایگزیکٹو لیسکو رمضان بٹ نے تحقیقات کا حکم دے دیا۔لیسکو ذرائع کے مطابق منیجر ایس اینڈ آئی نے تحقیقات شروع کردیں، وفاقی وزیر خواجہ آصف کے باورچی ایوب کا آبائی علاقہ پتوکی چک 27 ڈھولن سے ہے۔عید کے بعد ڈھولن گاؤں کا 100 کے وی کا ٹرانسفارمر چل گیا، جس کی لیسکو کو شکایت کی گئی تھی، رہائشوں نے 100 کے وی کے بجائے 200 کے وی کا ٹرانسفارمر لگانے کا مطالبہ کیا تھا۔ذرائع نے بتایا کہ لیسکو نے 200 کے وی ٹرانسفارمر متاثرہ علاقے میں لگانے کی منظوری دے دی تھی، چک ڈھولن کے لوگوں نے شبیر نامی شخص کو 80 ہزار روپے دے کر ٹرانسفارمر خود مرمت کروایا تھا۔غفلت برتنے پر لائن مین شوکت علی، فلک شیر اور لائن سپرنٹنڈنٹ محمد حسین کو معطل اور ٹرانسفارمر مرمت کرنے والے شبیر کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا

بقیہ 20

انتہائی زیادہ ہونے کی وجہ سے گرمی کی شدت 48 ڈگری سینٹی گریڈ تک محسوس کی گئی

شوہر حق مہر کے علاوہ علیحدہ معاہدے میں درج چیزیں دینے کا پابند قرار

5 مرلہ گھر بیوی کے نام منتقل کرنے کا حکم برقرار، شوہر کی ٹرائل کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دینے کی استدعا مسترد

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے شوہر کی ٹرائل کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دینے کی استدعا مسترد کرتے ہوئے حق مہر کے علاوہ علیحدہ معاہدے میں درج چیزیں دینے کا پابند قرار دے دیا۔ جسٹس محمد ساجد محمود سیٹھی نے 11 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا۔ فیصلہ میں لکھا گیا کہ شوہر نکاح نامے میں درج حق مہر کے علاوہ علیحدہ معاہدے میں درج چیزیں بھی بیوی کو دینے کا پابند ہے

بغیر لائسنس اور کم عمر ڈرائیورز عید پر بھی نہ بچ سکے؛ 2374 وہیکلز کیخلاف کارروائی

لاہور (این این آئی) لاہور میں بغیر لائسنس اور کم عمر ڈرائیورز کے خلاف خصوصی کریک ڈاؤن جاری ہے، عید کے تیسرے روز مجموعی طور پر 2374 وہیکلز کے خلاف کارروائی کی گئی۔ ترجمان کے مطابق کم عمر ڈرائیونگ کرنے پر 145 موٹر سائیکلیں بند، 419 کو چالان ٹکٹ جاری کیے گئے۔ تین سواریاں بٹھانے پر 475 موٹر سائیکلوں کے خلاف کارروائی کی گئی

لاہور میں موسلا دھار بارش اور ژالہ باری، گرمی کا زور ٹوٹ گیا

ٹھنڈی ہوائیں چلنے سے موسم خوشگوار، گرمی کی شدت میں کمی سے شہریوں نے سکھ کا سانس لیا

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے مختلف علاقوں میں موسلا دھار بارش سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا جبکہ بعض علاقوں میں ژالہ باری بھی ہوئی، ٹھنڈی ہوائیں چلنے سے موسم خوشگوار ہو گیا، گرمی کی شدت میں کمی سے شہریوں نے سکھ کا سانس لیا، دوسری طرف بارش کے باعث لیسکو کے 50 سے زائد فیڈرز ٹرپ کر گئے، فیڈرز ٹرپ ہونے اور دیگر تکنیکی خرابیوں کے باعث متعدد علاقوں میں بجلی بند ہو گئی جس سے شہریوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور کے مختلف علاقوں کالے بادل چھا گئے، بادل برسنے اور تیز ہوائیں چلنے سے موسم خوشگوار ہو گیا، گرمی کی شدت میں کمی سے شہریوں نے سکھ کا سانس لیا۔ شہر میں سب سے زیادہ بارش نشتر ٹاؤن میں 48.5 ملی میٹر ریکارڈ کی گئی

لاہور: صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان کی زیر صدارت اجلاس میں ضلع قصور کی مختلف تحصیلوں میں محنت کشوں کے مسائل کو حل کرنے کے حوالے سے جائزہ لیا جا رہا ہے۔

عید پر سیکیورٹی ہائی الرٹ رہی، حکومتی احکامات کی خلاف ورزی پر 189 ملزمان گرفتار، 152 مقدمات درج

قربانی کی کھالیں جمع کرنے پر 80، سری پائے بھوننے پر 76 اور ون ویلرز سمیت درجنوں قانون شکن زیر حراست، ترجمان لاہور پولیس

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے اور سیکیورٹی ہائی الرٹ رہی، اس دوران حکومتی احکامات کی خلاف ورزیوں پر مجموعی طور پر 189 ملزمان کو گرفتار کر کے 152 مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ ترجمان لاہور پولیس نے نے بتایا کہ عیدالاضحیٰ پر غیر قانونی طور پر قربانی کی کھالیں اکٹھی کرنے والے عناصر کے خلاف سخت ایکشن لیا گیا، جس کے نتیجے میں 80 افراد کو گرفتار کر کے 70 مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ عید کے ایام میں سڑکوں اور عوامی مقامات پر غیر قانونی طور پر سری پائے بھوننے اور گندگی پھیلانے والے 76 افراد قانون کی گرفت میں آئے، جن کے خلاف 55 مقدمات درج کیے گئے۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ نوجوانوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے ون ویلرز کے خلاف کارروائی

طالبہ سے زیادتی کے دو ملزمان کی پولیس گاڑی سے کود کر فرار ہونے کی کوشش ناکام

سرگودھا (این این آئی) 19 سالہ طالبہ سے زیادتی اور ویڈیو بنا کر وائرل کرنے میں ملوث دو ملزمان کے پولیس گاڑی سے کود کر فرار ہونے کی کوشش میں تیز رفتار کار سے ٹکرا کر زخمی حالت میں دوبارہ گرفتار ملزمان کو مضروب کرنے پر پولیس نے نامعلوم کار ڈرائیور کے خلاف مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کر دی۔ 19 سالہ کالج طالبہ (ایف) کو اغوا کر کے زبردستی زیادتی اور اس کی غیر اخلاقی ویڈیو بنانے پر درج مقدمہ میں نامزد 6 ملزمان ریمانڈ جسمانی پر تھے

پنجاب انسداد دہشتگردی ایکٹ میں نئی دفعہ شامل علیحدہ عدالتی طریقہ کار متعارف ہوگا

گواہوں، ججوں اور پراسیکیوٹرز کی شناخت خفیہ رکھنے، محفوظ مقامات پر سماعت اور ورچوئل ٹرائل کی اجازت

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997ء میں نئی دفعہ 21AAA شامل کرنے کی منظوری دے دی۔ مسودے کے مطابق پنجاب حکومت نے خصوصی سکیورٹی کیسز کے لئے علیحدہ عدالتی طریقہ کار متعارف کرانے کی منظوری دی، ترمیم کے تحت مخصوص دہشتگردی مقدمات کو خصوصی سکیورٹی کیس قرار دیا جا سکے گا۔ اختیار ہوگا کہ غیر معمولی سکیورٹی خدشات والے مقدمات کو خصوصی سکیورٹی کیس قرار دے سکے،

آرگینک ریسرچ، بین الاقوامی سرٹیفکیشن کیلئے خصوصی فنڈ قائم کیا جائے، نجم مزاری

ترجیح سے دیہی معیشت مضبوط، بڑے پیمانے پر روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

لاہور (این این آئی) آرگینک خوراک اور مصنوعات پر ریسرچ کرنے والے ادارے کے سربراہ نجم مزاری نے کہا ہے کہ اس وقت آرگینک خوراک کی عالمی مارکیٹ کا حجم 220 ارب ڈالر سے زائد ہے اور اس میں ہر سال تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، اگر پاکستان آرگینک زراعت، عالمی معیار کی سرٹیفکیشن اور کسانوں کی معاونت پر توجہ مرکوز کرے تو ابتدائی چند سالوں میں بتدریج عالمی مارکیٹ کا 1 سے 2 فیصد حصہ حاصل کر کے سالانہ 2. 2 ارب سے 4. 4 ارب ڈالر تک برآمدات کی جا سکتی ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آئندہ وفاقی بجٹ آرگینک سیکٹر کے لیے گیم چینجر ثابت ہو سکتا ہے، حکومت اگر آرگینک خوراک اور مصنوعات کے لیے خصوصی بجٹ مختص کرے تو زرعی معیشت کو نئی سمت مل سکتی ہے، آرگینک فارمنگ کے فروغ کے لیے مراعاتی سکیمیں، آسان قرضے اور ٹیکس چھوٹ وقت کی اہم ضرورت ہے،

ہر سال پاکستان میں سگریٹ نوشی کے نتیجے میں ایک لاکھ 64 ہزار افراد لقمہ اجل بن جاتے ہیں، رپورٹ

میانوالی (این این آئی) ہر سال پاکستان میں سگریٹ نوشی کے نتیجے میں ایک لاکھ 64 ہزار افراد لقمہ اجل بن جاتے ہیں جن میں خواتین کی خاصی تعداد بھی شامل ہے، حکومت نے لوگوں کو سگریٹ نوشی سے روکنے کیلئے سگریٹ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کیا ہے مگر اس کے برعکس سگریٹ نوشی کے عادی افراد کم قیمت والی سگریٹ کا استعمال شروع کر دیتے ہیں

پیٹرولیم قیمتوں میں 22 روپے کمی خوش آئند ہے، آل پاکستان انجمن تاجران

عالمی منڈی میں ہونے والی کمی کا مکمل فائدہ صارفین تک منتقل کیا جائے، شہزاد اشرف بھٹی

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی رہنما شہزاد اشرف بھٹی نے حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 22 روپے فی لیٹر کمی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں ہونے والی کمی کا مکمل فائدہ صارفین تک منتقل کیا جائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت پیٹرولیم لیوی میں کمی کر کے عوام کو مزید ریلیف دے، پیٹرولیم مصنوعات سستی ہونے سے ٹرانسپورٹ کے اخراجات کم ہوں گے جس سے اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بھی نیچے آنے سے مہنگائی کم ہوگی۔ حکومت سے مطالبہ ہے کہ آئندہ بھی ریلیف پر مبنی پالیسیوں کو ترجیح دی جائے، پیٹرولیم قیمتوں میں مزید کمی مہنگائی سے پریشان عوام کے لیے بڑا ریلیف ثابت ہوگی، بجلی کی قیمتوں پر بھی نت نئے تجربات کرنے کی بجائے اسے بھی کم از کم 40 فیصد کم کر کے دو سال کے لئے منجمد کیا جائے۔

پشاور: وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ فضل شکور خان سے یونیسیف کا نمائندہ وفد ملاقات کر رہا ہے۔

سندھ ہائیکورٹ شہریوں کے بینک موبائل اکاؤنٹس بلاک کرنے پر برہم

محض انکوائری کی بنیاد پر شہریوں کے بنیادی حقوق سلب نہیں کئے جا سکتے، جسٹس عدنان الکریم میمن کے ریمارکس

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بنچ نے ایف آئی اے کی جانب سے شہریوں کے بینک اور موبائل اکاؤنٹس بلاک کرنے پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔ عدالت نے ڈی جی ایف آئی اے کو شہریوں کے بینک اور موبائل اکاؤنٹس بلاک کرنے والے افسران کے خلاف انکوائری کی ہدایت کی اور تین ماہ میں انکوائری مکمل کرنے اور اس دوران افسران کو آپریشنل ذمہ داریاں نہ دینے کی ہدایت کی۔

بی ایل اے کی کمانڈر شہناز بلوچ سے اہلخانہ کا مکمل لاتعلقی کا اعلان

تربت (این این آئی) بلوچستان میں سرگرم بھارتی پراکسی اور کالعدم تنظیم بی ایل اے کے دہشت گردوں سے ان کے اہلخانہ بھی لاتعلقی اختیار کرنے لگے ہیں۔ تربت سے تعلق رکھنے والی بی ایل اے، بشیر زیب گروپ کی کمانڈر شہناز بلوچ سے اس کے اہلخانہ اور قریبی رشتہ داروں نے مکمل لاتعلقی کا اعلان کر دیا۔ فتنہ الہندوستان کی دہشت گرد شہناز بلوچ کی والدہ رخسانہ، دادا اور ماموں نے تربت پریس کلب میں بتایا کہ شہناز بلوچ کم عمری میں ہی عمان منتقل ہو گئی

گوجرانوالہ میں ٹریفک حادثات، 2 نوجوان جاں بحق، 6 شدید زخمی

گوجرانوالہ (این این آئی) گوجرانوالہ میں دو مختلف ٹریفک حادثات دو نوجوان جاں بحق اور چھ زخمی ہو گئے۔ پہلا حادثہ نظام آباد کے قریب ہوا جہاں پر بس نے تین موٹر سائیکلوں کو ٹکر ماردی جس کے باعث احمد نامی نوجوان موقع پر جاں بحق اور تین زخمی ہو گئے۔ دوسرا حادثہ راہوالی کے قریب پیش آیا جہاں پر واٹر ٹینکر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار کوثر نامی نوجوان جاں بحق اور تین افراد زخمی بھی ہوئے۔ حادثات کی اطلاع پر پولیس کی بھاری نفری اور امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچیں

لاہور میں تیز بارش اور ژالہ باری، کئی علاقوں میں بجلی بند، دیوار گرنے سے 2 افراد زخمی

کالے بادل چھا گئے، بادل برسنے اور تیز ہوائیں چلنے سے موسم خوشگوار ہو گیا، گرمی کی شدت میں کمی سے شہریوں نے سکھ کا سانس لیا

لاہور (این این آئی) پنجاب کے صوبائی دارالحکومت کے مختلف علاقوں میں تیز بارش اور ژالہ باری ہوئی جس سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا۔ لاہور کے مختلف علاقوں گڑھی شاہو، مال روڈ، ایبٹ روڈ سے ملحقہ علاقوں میں کالے بادل چھا گئے، بادل برسنے اور تیز ہوائیں چلنے سے موسم خوشگوار ہو گیا، گرمی کی شدت میں کمی سے شہریوں نے سکھ کا سانس لیا۔ سب سے زیادہ بارش نشتر ٹاؤن میں 30 ملی میٹر ریکارڈ کی گئی، چوک نادرا میں 24 ملی میٹر جبکہ گلبرگ میں 7 ملی میٹر بارش ہوئی، اسی طرح لکشمی چوک میں 26 ملی میٹر، اپر مال پر 22 ملی میٹر اور مغلپورہ میں 23 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ تاج پورہ، گلشن راوی اور اقبال ٹاؤن کے علاقوں میں 17 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی ہے، بارش اور ژالہ باری کے باعث شہر کے مختلف علاقوں میں ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہوئی۔

حیدرآباد: ٹاؤن میونسپل کارپوریشن میاں سرفراز کے چیئرمین مصطفیٰ بلال عملے کے ہمراہ آلائش آپریشن کے بعد حیدر چوک سے عرق گلاب سے سڑکوں کو دھو رہے ہیں۔

شجاع آباد میں کار اور موٹر سائیکل میں تصادم، میاں بیوی جاں بحق، بیٹی زخمی

حکام کا کہنا تھا کہ حادثے میں مرنے والے افراد کی بیٹی بھی شدید زخمی ہوئی، جاں بحق افراد کی لاشیں اور زخمی بیٹی کو مقامی ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں زخمی کا علاج معالجہ جاری ہے

شجاع آباد (بیورو رپورٹ) پنجاب کے شہر شجاع آباد میں کار اور موٹر سائیکل میں تصادم میں میاں بیوی جاں بحق جب کہ بیٹی زخمی ہو گئی۔ ریسکیو حکام کا کہنا تھا کہ ہولناک حادثہ ہٹی سیال کے علاقہ میں پیش آیا جہاں کار نے مخالف سمت سے آنے والی موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی جس پر سوار میاں بیوی موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ دوسری جانب حکام کا کہنا تھا کہ حادثے میں مرنے والے افراد کی بیٹی بھی شدید زخمی ہوئی۔

صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار مہتاب سنگھا روڈ کی میزبانی میں قائم مقام صدر آزاد جموں و کشمیر چوہدری لطیف اکبر گوردوارہ دربار صاحب کرتار پور کا دورہ کر رہے ہیں۔

پاکستان کو عالمی سطح پر تنہا کرنے کی مودی کی 10 سالہ مہم ناکام ثابت، الجزیرہ کی رپورٹ

پاکستان امریکا، چین، ایران اور سعودی عرب کے ساتھ بیک وقت رابطے میں ہے، عرب میڈیا

کراچی (این این آئی) عرب میڈیا کی رپورٹ میں پاکستان کو عالمی سطح پر تنہا کرنے کی بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کی 10 سالہ مہم کو ناکام قرار دے دیا گیا۔ الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق مودی کا 2016ء میں پاکستان کو دنیا سے الگ تھلگ کرنے کا اعلان بری طرح ناکام ہو گیا کیونکہ پاکستان امریکا، چین، ایران اور سعودی عرب کے ساتھ بیک وقت رابطے میں ہے۔ عرب میڈیا کی رپورٹ میں کہا گیا کہ پاکستان خطے اور علاقائی معاملات پر اثر انداز ہونے والا ایک اہم فریق بن چکا ہے اور 2025ء کی پاک بھارت کشیدگی کے دوران بھی پاکستان نے عالمی بیانیے کی جنگ میں برتری حاصل کی۔ عرب میڈیا کے مطابق دنیا نے پہلگام واقعے پر پاکستان کے خلاف بھارتی الزامات کو بغیر ثبوت قبول نہیں کیا، بھارت معرکہ حق کے بعد فیلڈ مارشل پر تنقید کرتا رہا جبکہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے انہیں غیر معمولی شخصیت قرار دیا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ معدنیات، سرمایہ کاری اور سفارت کاری سے پاکستان نے امریکی پالیسی سازوں کی توجہ حاصل کر لی ہے۔

کراچی: بحری جہازوں کی ٹکر، 1 جہاز کو جدہ جانے سے روک دیا گیا

واقعے کی انکوائری کی جائے گی اور اس ضمن میں ذمے داروں کا تعین بھی کیا جائے گا، پورٹ ذرائع

کراچی (این این آئی) کراچی بندرگاہ پر جہازوں کی ٹکر سے متاثرہ جدہ جانے والے جہاز ایم وی پاپو کو روانگی سے روک دیا گیا۔ کے پی ٹی ذرائع کے مطابق جہاز کو مزید کارروائی تک بندرگاہ سے روانہ نہیں ہونے دیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق زیر سمندر انٹرنیٹ کیبل بچھانے اور مرمت کرنے والا جہاز ایم وی نیوا پورٹ کی برتھ پر موجود ہے۔ بتایا گیا ہے کہ نیوا جہاز بڑی مرمت کے بعد دوبارہ سمندری سفر کے قابل ہوگا۔ پورٹ ذرائع کا کہنا ہے کہ واقعے کی انکوائری کی جائے گی اور اس ضمن میں ذمے داروں کا تعین بھی کیا جائے گا۔ کراچی بندرگاہ کے قریب 2 جہاز ٹکرا گئے تھے، واقعے کی وجوہات اور حقائق کا تعین کرنے کے لیے تفصیلی تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ کراچی پورٹ کے داخلی راستے کے قریب فیئروے بوائے کے باہر 2 جہاز ایم وی نیوا (متحدہ عرب امارات پرچم بردار) اور ایم وی پاپو (لائبیریا پرچم بردار) جمعرات کو رات تقریباً 8 بجے آپس میں ٹکرا گئے۔

لاہور: ڈی آئی جی آپریشنز فصل کامران اردل روم کے دوران پولیس اہلکاروں کی اپیلوں پر سماعت کر رہے ہیں۔

سونا عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں مزید مہنگا، چاندی کی قیمت کم ہوگئی

بین الاقوامی مارکیٹ میں سونا 13 ڈالر مہنگا ہوگیا، چاندی کی عالمی قیمت 75.29 ڈالر کی سطح پر آ گئی

کراچی (این این آئی) سونا عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں مزید مہنگا ہو گیا جبکہ چاندی کی قیمت میں کمی آ گئی۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں ہفتے کے روز سونے کی قیمت میں 13 ڈالر کا اضافہ ہونے کے نتیجے میں نئی عالمی قیمت 4 ہزار 538 ڈالر فی اونس کی سطح پر پہنچ گئی۔ دریں اثنا عالمی مارکیٹ کے زیر اثر مقامی صرافہ بازاروں میں بھی آج کاروباری ہفتے کے آخری دن 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت میں 1300 روپے بڑھ گئی، جس کے بعد نئی قیمت 4 لاکھ 76 ہزار 162 روپے فی تولہ کی سطح کو چھو گئی۔ اسی طرح فی 10 گرام سونے کی قیمت میں 1115 روپے کا اضافہ ہونے سے نئی قیمت 4 لاکھ 8 ہزار 232 روپے ہو گئی۔ علاوہ ازیں عالمی مارکیٹ میں فی اونس چاندی کی قیمت 75.29 ڈالر ہو گئی جب کہ مقامی مارکیٹ میں 21 روپے کی کمی سے فی تولہ چاندی 8013 روپے اور فی 10 گرام چاندی کے نرخ 18 روپے کی کمی سے 6869 روپے کی سطح پر آ گئے۔

لاہور: پشاور کی مریضہ کا لاہور جنرل ہسپتال میں کامیاب آپریشن کے بعد ڈسچارج ہونے کے موقع پر اپنے اہل خانہ اور انتظامی ڈاکٹرز کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

کراچی: جناح اسپتال کے باتھ روم میں بچے کی پیدائش

اسپتال انتظامیہ نے الزامات کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے مریضہ کے تیمارداروں پر جھگڑے کا الزام عائد کر دیا

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے سب سے بڑے سرکاری جناح اسپتال کے واش روم میں بچے کی پیدائش پر انتظامیہ نے وضاحت جاری کر دی۔ تفصیلات کے مطابق متاثرہ مریضہ کے اہل خانہ نے الزام عائد کیا کہ ڈاکٹرز نے توجہ نہیں دی اس وجہ سے بچے کی پیدائش باتھ روم میں ہوئی۔ جناح اسپتال کے ترجمان نے سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو پر وضاحت جاری کرتے ہوئے کہا کہ گائنی ایمرجنسی میں مریضہ کے تیمارداروں نے ڈاکٹروں سے بدتمیزی کی اور اس دوران تیماردار ویڈیوز بناتے رہے۔ ترجمان نے کہا کہ میڈیکل ایڈوائس کے برعکس تیمارداروں نے آپریشن کے لیے دباؤ ڈالا جبکہ خاتون کو جناح اسپتال میں آپریشن کے لیے ریفر کیا گیا تھا۔ ترجمان کے مطابق ڈاکٹرز نے طبی معائنے کے بعد مریضہ کی نارمل ڈیلیوری کا فیصلہ کیا اور مریضہ نے لیبر روم میں رات 50:2 بجے بیٹے کو جنم دیا۔ واش روم میں ڈلیوری کے الزامات سراسر بے بنیاد اور غلط ہیں۔ جناح اسپتال کے ترجمان کے مطابق زچہ اور بچہ دونوں صحت مند ہیں۔

کراچی میں قائداعظم کی اے آئی فوٹو والا جعلی نوٹ چل گیا؛ ویڈیو وائرل

نوٹ پر بابائے قوم کی روایتی تصویر کے بجائے مصنوعی ذہانت سے بنی ہوئی تصویر پرنٹ ہے

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں جعلی کرنسی چلانے کا ایک اور ایسا انوکھا واقعہ سامنے آیا ہے، جس نے دکانداروں سمیت سوشل میڈیا صارفین کو بھی حیران کر دیا ہے۔ حال ہی میں سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ایک ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ایک شخص نے دکاندار کو 500 روپے کا ایک ایسا جعلی نوٹ تھما دیا جس پر بابائے پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی ایسی تصویر چھپی ہے جو آرٹیفیشل انٹیلی جنس (AI) کی مدد سے تیار کی گئی ہے۔ اس جعلی نوٹ کی خاص بات یہ ہے کہ اس میں قائدِ اعظم کی اصل نوٹ سے ملتی جلتی روایتی تصویر کے بجائے سر دیوں میں پہنے جانے والے ہیوی ونٹر کوٹ میں ملبوس دکھایا گیا ہے۔ دکاندار نے، جسے بعد میں نوٹ دیکھنے پر جعلی ہونے کا پتا چلا، ویڈیو میں تفصیلات دکھاتے ہوئے بتایا کہ کس طرح ٹیکنالوجی کا غلط استعمال کر کے جعلی کرنسی کو حقیقی ظاہر کرنے کی ناکام کوشش کی گئی ہے۔ سوشل میڈیا پر یہ ویڈیو وائرل ہونے کے بعد صارفین کی جانب سے ملے جلے ردعمل کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ ایک طرف لوگ اس تخلیقی دھوکے پر حیران ہیں

لاہور: ڈی جی اینٹی ایڈمنسٹریشن اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھڈرا اتار دربار ہسپتال کے آپریشن تھیٹر معائنے کے دوران آنکھوں کے آپریشن کے ایک مریض کی عیادت کر رہے ہیں۔

اوگرا کی کارروائی، لاکھوں لیٹر ذخیرہ شدہ پیٹرول اور ڈیزل ضبط کر لیا

سندھ اور بلوچستان کے سرحدی علاقوں سے لاکھوں لیٹر غیر قانونی پیٹرول اور ڈیزل ضبط کیا گیا، آئل ڈپو سیل

اسلام آباد (این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے سندھ اور بلوچستان کے سرحدی علاقے میں کارروائی کرتے ہوئے لاکھوں لیٹر غیر قانونی ذخیرہ شدہ پیٹرول اور ڈیزل ضبط کر لیا۔ اعلامیے کے مطابق اوگرا نے سندھ اور بلوچستان کے سرحدی علاقے میں کارروائی کی جس میں لاکھوں لیٹر غیر قانونی ذخیرہ شدہ پیٹرول اور ڈیزل ضبط کر لیا گیا۔ اوگرا کے مطابق پیٹرول اور ڈیزل حب کے مقام پر غیر قانونی ذخیرہ کیا گیا تھا، پیٹرول ڈیزل غیر قانونی طور پر ایک آئل ڈپو میں اسٹور کیا گیا تھا۔ اوگرا کے مطابق نجی کمپنی کا آئل ڈپو بھی غیر قانونی طور پر کام کر رہا تھا۔ آئل ڈپو کے پاس اوگرا کا لائسنس اور وزارت دفاع کا این او سی نہیں تھا۔ اعلامیے کے مطابق اوگرا کی انفورسمنٹ ٹیم نے آئل ڈپو سیل کر دیا۔ اوگرا کے مطابق حب کے مقام پر بڑی مقدار میں پیٹرول اور ڈیزل غیر قانونی طور پر ذخیرہ کیا گیا تھا۔

صدرِ پاکستان آصف علی زرداری کی سندھ کے وزیرِ داخلا ضیاء الحسن لنجار کے لنجار ہاؤس مورو آمد

انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) صدرِ پاکستان آصف علی زرداری کی سندھ کے وزیرِ داخلا ضیاء الحسن لنجار کے لنجار ہاؤس مورو آمد۔ انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ صدرِ پاکستان آصف علی زرداری لنجار ہاؤس پہنچنے کے بعد درگاہ عالیہ حضرت شہنشاہ سائیں حافظ علی مراد مست زرداری پر حاضری دیں گے۔ صدرِ پاکستان آصف علی زرداری کی آمد کے موقع پر سیکیورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کئے گئے ہیں، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے الرٹ ہیں۔ لنجار ہاؤس مورو اور درگاہ عالیہ کے اطراف سیکیورٹی ہائی الرٹ، داخلی و خارجی راستوں کی نگرانی سخت کر دی گئی۔ صدرِ پاکستان آصف علی زرداری کی آمد پر ضلعی انتظامیہ اور سیکیورٹی اداروں کی تیاریاں مکمل ہیں۔ درگاہ حضرت شہنشاہ سائیں حافظ علی مراد مست زرداری پر صدرِ پاکستان کی آمد کے سلسلے میں خصوصی سیکیورٹی پلان نافذ کیا گیا۔

صدر پاکستان آصف علی زرداری کا لنجار ہاؤس مورو میں عوام سے خطاب

بھٹو کی وراثت کو آگے بڑھائیں گے، ہم نے ہمیشہ 1973ع کے آئین کے تحت کام کیا ہے

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) صدر پاکستان آصف علی زرداری کا لنجار ہاؤس مورو میں عوام سے خطاب۔ صدر آصف علی زرداری نے عوام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھٹو کی وراثت کو آگے بڑھائیں گے، ہم نے ہمیشہ 1973ع کے آئین کے تحت کام کیا ہے۔ ہم سب مل کر اسٹیبلشمنٹ کے ہاتھ مضبوط کریں گے، ملک کو مضبوط بنائیں گے۔ صدر آصف علی زرداری نے مزید کہا کہ بھٹو خاندان کے شہداء نے ملک کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے، پاکستان وہی ہے جو ہم ہیں، بھارت میں مسلمانوں پر ہونے والے مظالم کو میڈیا میں نہیں دکھایا جائے گا۔ صدر آصف علی زرداری نے مزید کہا کہ بھارتی حکومت سوچنے سمجھنے کی صلاحیت سے عاری ہے، ایک ہفتے کی جنگ میں بھارت کو سبق سکھاؤ۔ بھارتی طیارے مار گرائے تو ان کی ذہانت ہوش میں آ گئی۔ صدر آصف علی زرداری نے مزید کہا کہ ہم نے ان کے 8 طیارے مار گرائے جنہوں نے بے گناہ پاکستانیوں پر بمباری کی تھی، 40 بھارتی طیارے نشانے پر تھے جنہیں ہم مار گرانے میں کامیاب ہو گئے، ہم نے عوام کو معاشی آزادی دینی ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے مزید کہا کہ جدید دور میں زراعت کو سہارا دیا جائے گا۔

عیدالاضحیٰ کے موقع پر خیبر پختونخوا نے ایک بار پھر خود کو پاکستان کے سب سے بڑے اور مقبول سیاحتی مرکز کے طور پر منوا لیا

یہ اعتماد ہے ایک پُرامن، خوبصورت اور ترقی کرتی خیبر پختونخوا کا، جہاں سیاحت، معیشت اور عوامی خوشحالی ایک ساتھ آگے بڑھ رہی ہیں

کرم) محمد خالق اورکزئی سے) عیدالاضحیٰ کے موقع پر خیبر پختونخوا نے ایک بار پھر خود کو پاکستان کے سب سے بڑے اور مقبول سیاحتی مرکز کے طور پر منوا لیا۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر ضلع کرم۔ جناب اشفاق خان ایک بیان کہا کہ افسوس پاکستان کے ساتھ ساتھ کے پی کے پُرامن ماحول، قدرتی حسن، بہترین مہمان نوازی اور حکومتی اقدامات کے باعث لاکھوں سیاحوں نے صوبے کے مختلف سیاحتی مقامات کا رخ کیا، جس سے مقامی معیشت کو بھی بھرپور فائدہ پہنچا۔ خیبر پختونخوا میں عیدالاضحیٰ سیاحت کے نمایاں اعداد و شمار: 11 لاکھ 64 ہزار سے زائد سیاح۔ 13 اضلاع میں سیاحتی سرگرمیاں 220 غیر ملکی سیاح۔ 8 سے 12 ارب روپے کی مقامی معاشی سرگرمیاں۔ ضم شدہ اضلاع میں پہلی بار ریکارڈ سطح کی سیاحت۔ سوات، ناران، گلیات، کمراٹ، چترال، شانگلہ اور بونیر میں نئے سیاحتی ریکارڈ ضم شدہ اضلاع میں سیاحت کی نئی کامیابی: 3 لاکھ 94 ہزار 682 سیاح۔ 7 اضلاع میں سیاحتی سرگرمیاں۔ اربوں روپے کی مقامی معاشی سرگرمیاں۔ تاریخی و آثارِ قدیمہ کے مقامات: 14 ہزار 162 سیاح۔ 54 غیر ملکی سیاح تخت بھائی میں 688,9 سیاحوں کی آمد۔ یہ اعتماد ہے ایک پُرامن، خوبصورت اور ترقی کرتی خیبر پختونخوا کا، جہاں سیاحت، معیشت اور عوامی خوشحالی ایک ساتھ آگے بڑھ رہی ہیں۔

اینٹی بائیوٹکس کا بے جا استعمال: خاموش تباہی جاری

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی
engr.bakht@gmail.com

پاکستان میں ایک خاموش مگر انتہائی خطرناک بحران تیزی سے جڑیں مضبوط کر رہا ہے، اور افسوس کی بات یہ ہے کہ اس کے اثرات ہر گھر، ہر گلی اور ہر شہر تک پہنچ چکے ہیں۔ یہ بحران کسی وبا، جنگ یا قدرتی آفت کا نہیں بلکہ خود سے دوائیاں کھانے کی بڑھتی ہوئی عادت کا ہے، جو معاشرے کو آہستہ آہستہ ایک بڑے طبی المیے کی طرف دھکیل رہی ہے۔ ہمارے ہاں معمولی سر درد ہو تو فوراً درد کش گولی کھالی جاتی ہے، گلا خراب ہو تو اینٹی بائیوٹک شروع کر دی جاتی ہے، پیٹ میں تکلیف ہو تو میڈیکل سٹور سے کوئی بھی دوا لے لی جاتی ہے، اور اگر جسم میں کمزوری محسوس ہو تو ڈرپ لگوانا گویا فوری علاج سمجھا جاتا ہے۔ یہ رویہ اب اتنا عام ہو چکا ہے کہ بہت سے لوگ ڈاکٹر سے مشورہ کرنا وقت اور پیسے کا ضیاع سمجھتے ہیں۔ چند دہائیاں پہلے لوگ بیماری کی صورت میں معالج سے رجوع کرتے تھے، مگر آج سوشل میڈیا، انٹرنیٹ، دوستوں کے مشوروں اور میڈیکل سٹورز کی آسان رسائی نے خود علاج کے رجحان کو بے حد بڑھا دیا ہے۔ نتیجتاً لوگ اپنی بیماری کی اصل وجہ جانے بغیر مختلف ادویات استعمال کرتے رہتے ہیں۔ ڈاکٹروں کے مطابق روزانہ بڑی تعداد میں ایسے مریض ہسپتالوں کا رخ کرتے ہیں جنہوں نے ابتدائی مرحلے میں خود علاج کی کوشش کی ہوتی ہے۔ اکثر مریض یہ اعتراف کرتے ہیں کہ انہوں نے پہلے خود دوائیاں استعمال کیں، مگر جب حالت مزید بگڑ گئی تو پھر طبی مدد لینے پر مجبور ہوئے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہر دوا ایک خاص مقصد، مخصوص مقدار اور محدود مدت کے لیے تجویز کی جاتی ہے۔ جب کوئی شخص ڈاکٹر کے مشورے کے بغیر دوا استعمال کرتا ہے ت